UNIVERSAL LIBRARY

OU_222808

UNIVERSAL LIBRARY

اعلیٰحضرت

ارشادِ شاہانہ

میں خود ملکی مصنوعات استعمال کرنے پر
فخر کرتا ہوں اور میری رعایا کے لئے
بھی اس کا استعمال طرۂ امتیاز ہونا چاہیے

رہبر نمائش
۱۳۵

Checked 1978



حیدرآباد
دارالسلطنت

نمائش مصنوعاتِ مملکت آصفیہ

مرتبہ
خواجہ حمید احمد
بی۔ اے (عثمانیہ)
مددگار اعداد و شمار
معتمد معاشی کمیٹی انجمن طیلسانین عثمانیہ

قیمت چار روپیہ

منعقدہ
عامہ حیدرآباد
تا ۱۵ اسفندار ۱۳۴۵ف

Buy
mulki-
Products
ملکی مصنوعات
برائے
فروخت
The COTTAGE INDUSTRIES SALES DEPOT.
—GUNFOUNDERY— HYDERABAD —DECCAN—
فروخت گاہ مصنوعات ملکی سرکار عالی توپ کا سانچہ حیدرآباد دکن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رہبر نمائش

سنہ ۱۳۵۱ف

چوتھی نمائش مصنوعات مملکت آصفیہ

خواجہ حمید احمد بی۔اے (عثمانیہ)
مددگار اعداد شمار
معتمد معاشی کمیٹی انجمن طیلسانین عثمانیہ

مطبوعۂ دار الطبع سرکار عالی حیدر آباد دکن

قیمت (چار روپیہ)

فہرست مضامین

" پیام شاہانہ "

(۱) تمہید

(۲) ممالک آصفیہ اور اس کے قدرتی وصنعتی وسائل ۱

(۳) مقاصد نمائش اور ان کی تکمیل ۵

(۴) نمائش مصنوعات ملکی سال بہ سال :-

۱ - پہلی نمائش سنہ ۱۳۴۸ف ۷

۲ - دوسری نمائش سنہ ۱۳۴۹ ف ۹

۳ - تیسری نمائش سنہ ۱۳۵۰ ف ۱۰

۴ - چوتھی نمائش سنہ ۱۳۵۱ف ۱۱

(۵) سپاسنامہ صدر مجلس نمائش و جواب ۱۲

(۶) نمائش میں اضلاع کی چھوٹی صنعتیں ۲۱

(۷) نمائش میں جاگیرات کا حصہ.... .... ۲۱

(۸) خواتین اور کم استطاعت صناعوں کی دستکاری کی نمائش ... ۲۳

(۹) نمائش میں یتیم خانوں کی صنعتیں ۲۵

(۱۰) نمائش میں بر پیمانہ کبیر صنعتیں.... .... ۲۶

(۱۱) نمائش مصنوعات ملکی میں سرکاری محکمہ جات کی شرکت.... ۲۸

(۱۲) مجلس نمائش کا سوال بند ۳۶

(۱۳) شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست ۴۰

(۱۴) تصاویر و اشتہارات ۱۰۰

نمائش میں ورود شاهانه

Royal visit to the Exhibition



پیام شاہانہ

۲۹ ذوالحجہ

آج مصنوعات ملکی کا میں نے معائنہ کیا اور جس طرح سے انکی ترقی ہو رہی ہے ایک حد تک
محظوظ ہوا اور امید ہے کہ یہ ترقی ایسی ہی ہر سال ہوتی رہیگی جس صورت
کہ کارخانہ نمائش رسمی مستعدی سے کام کرتے اور انکی قدر اہل ملک
کرتے رہیں۔ البتہ جس حد تک گورنمنٹ کیلئے ممکن ہے اسکی مدد کرنی
کہ منجملہ دیگر فرائض کے اسکا یہ ایک فرض ہے۔

فی الحال ملکی مصنوعات کے ساتھ ساتھ غیر ممالک کا سامان بھی رکھا جاتا تھا
خاص کر یہ اصول درست نہ تھا جبکہ اس نمائش کا نام ملکی صنعت رکھا گیا تھا
لہذا سال آئندہ سے اس امر پر توجہ کی جائے کہ خلط ملط نہ ہو ورنہ
پھر خالص رنگ ملکی صنعت کا باقی نہ رہیگا یا جو غرض و غایت اسکی ہے
وہ مفقود ہو جائیگی۔ یہ میری ذاتی رائے ہے۔

فی سال آئندہ سے نمائش کے قیام کیلئے کم از کم ایک ماہ رکھا جائے
جسکی افتتاح بلحاظ دفعہ کی تاریخ (جو ربع صدی دور حکومت کے جوبلی کے
اعلان کا دن ہے) ۲۹، ماہ ۵ کو ختم فرمایا جائے۔ اور
اس دوران میں تین چار یوم کیلئے ساتھ ساتھ نمائش باغات و ترغیبات
بھی ہو جانے تو باعث سہولت ہوگا اس لیے کہ سال میں ایک مرتبہ
معائنہ کا آسانی سے موقع ملیگا کہ ہمیشہ موسم سرما
اسکے لئے موزون ہے اور تعطیلات عید الاضحیٰ کی وجہ سے اضلاع سے
رعایت کو آنے میں آسانی ہوگی۔ م

مملکت آصفیہ


مملکت آصفیہ
حدود مملکت بوقت اعلان خودمختاری
موجودہ حدود مملکت
خلیج بنگال
بحر ہند
سیلون
لنکا
خاندیس
حیدرآباد
گلکندہ
محبوب نگر
کرنول
بلاری
انت پور
بنگلور
میسور
سیلم
کالیکٹ
ترچناپلی

تمہید

مملکت آصفیہ میں مختلف زمانوں میں مختلف نوعیت کی نمائشیں ہوتی رہیں لیکن کسی علمی ادارہ کی جانب سے اس قدر کامیابی اور تسلسل کے ساتھ نمائشوں کے منعقد کئیے جانیکی مثال مشکل ہی سے مل سکتی ہے۔ یہ فخر جامعہ عثمانیہ ہی کو حاصل ہے کہ اس قدر قلیل عرصہ میں اس کے فیض یافتہ نوجوان ملک کی ہر جہتی ترقی میں سب سے پیش پیش نظر آتے ہیں اگر علمی دنیامیں ان کی شہرت چاردانگ عالم میں مسلم ہوگئی ہے تو عملی میدان میں بھی وہ کسی سے پیچھے نہیں رہے۔

مملکت آصفیہ کی صنعتی انقلاب اور معاشی استحکام و ترقی کی سعی میں انجمن طیلسانین عثمانیہ کی معاشی کمیٹی کا پہلا عملی مظاہرہ نمائش مصنوعات ملکی کی شکل میں سنہ ۱۳۴۸ف میں ہوا اور بحمداللہ یہ مظاہرہ ہر سال نہایت کامیابی کے ساتھ کیا جارہا ہے۔ اور اب ایک "مجلس نمائش" قائم ہوگئی ہے جس کے زیر اہتمام اس امر کی کوشش کی جارہی ہے کہ آیندہ مستقل طور پر ایسی نمائشیں منعقد کی جاتی رہیں۔

معاشی کمیٹی انجمن طیلسانین عثمانیہ کا دوسرا کام معاشی کانفرنسوں کا انعقاد ہے۔ نمائش کے ساتھ "کل حیدرآباد معاشی کانفرنس" کے اجلاسوں سے بہت سی معاشی تجاویز اور اسکیمیں عملی جامعہ پہن رہی ہیں۔ اور ملک کا معاشی سروے بھی کیاجارہا ہے۔ اس ہی کمیٹی کے پیش نظر ایک صنعتی و تجارتی ڈائرکٹروں کی اشاعت کا کام بھی ہے جس کے لئے نہایت محنت و کاوش سے مواد جمع اور ترتیب دیا گیا ہے۔ لیکن رقمی بند وبست نہ ہونے کی وجہ سے اس کے شائع ہونے کی نوبت نہیں آرہی ہے۔

اس مختصر کتابچہ میں انجمن طیلسانین عثمانیہ اور عثمانیہ برادری کے کام پر کوئی تبصرہ مقصود نہیں ہے لیکن عوام کی واقفیت کے لئے اس کے ملحقہ اداروں کی فہرست علحدہ درج کی گئی ہے جن سے اس امر کا اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ کس طور پر جامعہ عثمانیہ کے فارغ التعلیم طلباء ملک کے ہرجہتی مسائل میں حصہ لے رہے ہیں اور جس ادارہ کے تحت یہ نمائش عمل میں آرہی ہے اس کے اور مختلف النوع کیا کام ہیں۔

انجمن طیلسانین عثمانیہ سنہ ۱۳۵۱ ف

صدر ۔ مولوی خواجہ محمد احمد صاحب مولوی فاضل ایم ۔ اے ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
نائب ناظم آثار قدیمہ

نائب صدر ۔ مہندراج صاحب سکسینہ ایم ۔ ایس ۔ سی (عثمانیہ)

معتمد ۔ محمد غوث صاحب ایم ۔ اے ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)

نائب معتمد ۔ محمد عبدالعلی صاحب بی ۔ یس ۔ سی ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)

خازن ۔ شنکر جی صاحب بی ۔ اے ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)

اراکین

مولوی نواب میر اکبر علی خان صاحب بی ۔ اے (عثمانیہ) آنرز (لندن) بارایٹ لا
مولوی میر احمد علی خان صاحب ایم ۔ اے ۔ ایل ایل بی ۔ پروفیسر جامعہ عثمانیہ
مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی ایم ۔ اے ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
مولوی سید محمد صاحب ایم ۔ اے (عثمانیہ)
مولوی بدرالدین شکیب صاحب بی ۔ اے ۔ ایل ایل بی
راجہ گروداس صاحب بی ۔ اے ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
مولوی جمیل احمد صاحب فاروقی بی ۔ ایس ۔ سی ،،
مولوی ظہیرالدین احمد صاحب بابر بی یس سی ۔ ایل ایل بی ،،

مجلس علمیہ | مجلس ادارت مجلہ طیلسانین | عثمانیہ بلدی جماعت | معاشی کمیٹی | لسانی کمیٹی | اتحاد و ترقی

صدر مولوی میر اکبر علیخانصاحب بی ۔ اے ۔ ایل ایل بی بارایٹ لا
معتمد مولوی خواجہ حمید احمد صاحب بی ۔ اے
خازن مادھو راؤ صاحب انوری
اراکین ۔ مولوی محمد غوث صاحب ۔ مولوی محمد عبدالعلی صاحب
مولوی جمیل احمد صاحب فاروقی ۔ رگھوبیر صاحب بیلی صاحب
راجہ گرو داس صاحب ۔ مولوی عسکری جعفری صاحب
مولوی صابر علی صاحب ہاشمی ۔ مولوی عزالدین صاحب
مولوی محمد علی صاحب موسوی

معاشی سروے کمیٹی | معاشی کانفرنس کمیٹی | مجلس نمائش | ادارہ مرکز مصنوعات ملکی | زرعی کمیٹی (زیر تشکیل)

مجلس نمائش

صدر	مولوی میر اکبر علی خان صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی بار ایٹ لا
نائب صدر	ایل این گپتا صاحب ایچ۔ سی۔ یس
معتمد	مولوی شرف الدین صاحب بی۔ اے۔ عثمانیہ
شریک معتمد	عبد العلی صاحب بی۔ ایس۔ سی۔ ایل ایل بی عثمانیہ
خازن	مادھو راو صاحب انوری
اراکین	عبد المجید صاحب صدیقی یم۔ اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
	ڈاکٹر رضی الدین صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی (عثمانیہ)
	محمد عبد الرؤف صاحب
	محمد علی صاحب موسوی
	محمد غوث صاحب ایم۔ اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
	رگھوبیر صاحب بیلی صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ)
	بی۔ کے بھگوان صاحب۔ انڈسٹریل انجینیر

	داعیان
(۱) مالیاتی کمیٹی	شنکر جی صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی
(۲) کمیٹی طباعت وتشہیر	عبد العلی صاحب بی۔ ایس۔ سی۔ ایل ایل بی
(۳) کمیٹی انتظام نمائش گاہ	پریم جی صاحب رکن بلدیہ
(۴) انعامات کمیٹی	خواجہ حمید احمد صاحب بی۔ اے
(۵) معاشی کانفرنس کمیٹی	خواجہ حمید احمد صاحب بی۔ اے
(۶) مظاہرات کمیٹی	مہندر راج صاحب سکسینہ ایم۔ اے
(۷) کمیٹی انتظامات روشنی	رگھوبیر ملی صاحب
(۸) حسن کار کمیٹی	پرکاش راؤ صاحب
(۹) کمیٹی امداد صناعان	خواجہ حمید احمد صاحب بی۔ اے
(۱۰) رضا کاران کی کمیٹی	راے مدن موھن لعل صاحب بی۔ اے ایل ایل بی عثمانیہ
(۱۱) تفریحات کمیٹی	معین الدین صاحب ایم۔ یس۔ سی عثمانیہ
(۱۲) اگزبیشن کلب	سید محمد عسکری جعفری صاحب
(۱۳) نشریات وٹیلیفون کمیٹی	محمد عبد العلی صاحب بی یس سی۔ ایل ایل بی عثمانیہ
(۱۴) کمیٹی اسٹال مرکز مصنوعات ملکی	بی۔ کے بھگوان صاحب انجینیر
(۱۵) مجلس مشاورت	

مجلس مشاورت

۱ - نواب زین یار جنگ بہادر - چیف آرکٹیکٹ
۲ - مولوی محمد لیاقت اللہ خان صاحب - یچ - سی - یس - معتمد فینانس
۳ - ؍؍ احمد مرزا صاحب - چیف انجینیر تعمیرات
۴ - ؍؍ خواجہ معین الدین صاحب - یچ - سی - یس - معتمد سیاسیات
۵ - نواب حسن یار جنگ بہادر چیف انجینیر تعمیرات
۶ - مولوی سید علی رضا صاحب - چیف انجینیر ریلوے
۷ - ؍؍ غلام محمود صاحب قریشی - یچ - سی - یس - زائد معتمد مال
۸ - ؍؍ خان فضل محمد خان صاحب - شریک معتمد تعلیم صنعت و حرفت و صدر ٹکنیشن بورڈ
۹ - نواب مہدی نواز جنگ بہادر - ناظم بلدیہ
۱۰ - نواب رحمت یار جنگ بہادر - کوتوال بلدہ
۱۱ - مولوی مہر علی صاحب فاضل - ناظم آرائش بلدہ
۱۲ - ؍؍ سید یوسف علی صاحب - یچ - سی - یس - معتمد کمیٹی اصلاحات
۱۳ - ؍؍ سید فضل اللہ صاحب - یچ - سی - یس - زائد معتمد مال تنظیم دیہی
۱۴ - ؍؍ قاضی زین العابدین صاحب - ناظم آبکاری
۱۵ - ؍؍ میر محبوب علی خان صاحب نائب معتمد مال
۱۶ - ؍؍ احمد محی الدین صاحب - ناظم صنعت و حرفت
۱۷ - ؍؍ مظہر حسین صاحب - یم - اے - بی - یس - سی (اڈنبرا)
۱۸ - ؍؍ عبدالرحمن خان صاحب - سابق صدر کلیہ جامعہ عثمانیہ
۱۹ - ؍؍ غلام احمد خان صاحب صدر پائیگاہ کمیٹی
۲۰ - ؍؍ حبیب الرحمن صاحب - ناظم معلومات عامہ

۲۱ - مسٹر مہند ربہادر - ناظم اشاعت

۲۲ - مولوی سید جمال الدین صاحب - ناظم باغات

۲۳ - " فاروق صاحب - بی - اے - یچ - سی - یس - دوم تعلقدار

۲۴ - راجہ ترمبک راج بہادر - معتمد بلدیہ

۲۵ - مولوی خواجہ محمد احمد صاحب مولوی فاضل یم - اے - ایل - ایل - بی - نائب ناظم آثار قدیمہ صدر انجمن طیلسانین عثمانیہ

۲۶ - " سید محمد علی موسوی - نائب صدر بلدیہ

۲۷ - راجہ گروداس صاحب بی - اے - ایل - ایل - بی معتمد جاگیرداران کمیٹی

۲۸ - مولوی میر محمود علی صاحب - یم - اے - لکچرار سٹی کالج

۲۹ - نواب میر اکبر علی خاں صاحب بہادر - بی - اے - ایل - ایل آنرز لندن بار ایٹ لا صدر نمائش مصنوعات ملکی

۳۰ - یل - ین - گپتا - یچ - سی - یس - نائب صدر نمائش

۳۱ - مولوی شرف الدین صاحب - بی - اے - معتمد نمائش مصنوعات ملکی

طلباء و طالبات کو خوشخبری

فریم - گول - کیانویس پیپر - ڈی یم سی کلارک - راجہ رانی ریشمی لٹ ولنڈ ے - سوئی مشین - سوزن کاری - شٹل و دیگر سامان اولن - جرمنی انگلش - جاپانی - دیسی ہمہ قسم ہمہ رنگ - ربن - لائن - کارچوبی ٹوپیاں - ڈوری لیس ہمہ کلر و مختلف ڈزاین شنائل مختلف - ریشمی کمر بند - چمکی امیٹیشن مخمل کے پھول پتے مختلف رنگ و سائز - قو رمخمل - مختلف سائز - ٹیبل کلاتھ تکیہ مخمل وغیرہ وغیرہ - یم - قیصر لاڑ بازار حیدرآباد دکن

اسٹال نمبر ۴۶

حضرت ولیعہد بہادر اور حضرت دردانہ بیگم صاحبہ کا ورود نمائش

Their Highnesses the Prince and Princess of Berar in the Exhibition

مملکت آصفیہ اور اس کے قدرتی و صنعتی وسائل*

مملکت آصفیہ اپنے قدرتی وسائل کے لحاظ سے برطانوی ہند کے صوبوں کے بعد ہر ریاست سے بڑھی ہوئی ہے۔ ملک برار کا رقبہ شامل کرتے ہوئے ممالک محروسہ سرکار عالی کا رقبہ ایک لاکھ مربع میل سے کچھ زاید ہے۔ لیکن برار کے رقبہ کو علحدہ کرنے کے بعد اس کا رقبہ (۸۲,۶۹۸) مربع میل ہے۔ جدید مردم شماری کے لحاظ سے اس کی آبادی (۱,۶۱,۹۴,۳۱۳) ہے۔ اور اگر اضلاع مفوضہ کی آبادی کا بھی شمار کیا جائے تو اس کی تعداد ساڑھے چار کروڑ سے زیادہ ہوتی ہے۔

معدنی دولت معدنی ذخائر کی کثرت کے لحاظ سے مملکت آصفیہ ہندوستان کے کسی صوبہ یا ریاست سے پیچھے نہیں ہے۔ یہاں الماس سے لے کر کوئلہ تک کی معدنیں موجود ہیں۔ لیکن جدید علمی اصولوں پر ان کی تلاش و تحقیقات نہ ہونے کی وجہ سے عوام کو ان سے بہت زیادہ لاعلمی ہے۔ اور ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ قدرت کے کتنے خزانہ سلطنت آصفیہ میں بکھرے پڑے ہیں عام طور پر یہاں کی معدنیات میں سونا۔ کوئلہ۔ لوہا۔ تانبا۔ ابرک۔ سیسہ۔ کھریا۔ سنگ سیلو۔ سنگ بلور چونے کا پتھر۔ سنگ مرمر وغیرہ کے نام لئے جاتے ہیں۔ جواہرات کے متعلق بھی یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ہندوستان کے کسی اور علاقہ میں اس قدر کثرت سے دستیاب نہیں ہوسکتے۔ گولکنڈہ کے ہیرے محتاج تعارف نہیں ہیں۔ ہیرے کی کانیں گولکنڈہ کے علاوہ ضلع رائچور کے دیہات پرنیال۔ قادرکھیڑ۔ ستابلی اور ضلع ورنگل میں تعلقہ پالونچہ و تعلقہ میڑچل میں موجود ہیں۔ چنانچہ قطب شاہی دور میں کثرت سے یاقوت نکالے گئے تھے۔ یہاں کا الماس خاص شہرت رکھتا ہے اس کے علاوہ بیدر کے قرب و جوار میں و نیز عادل آباد میں مختلف معدنی ذخائر اور معدنی چشمے بھی موجود ہیں لیکن ان کی تفصیلات سے ہمیں بے خبری ہے۔ تھامس گرے اور علامہ طباطبائی کی شاعری یہاں امر واقعہ بن کر ہمارے سامنے یہ نقشہ پیش کرتی ہے کہ۔

بہت سے گوہر شہوار باقی رہ گئے ہونگے
کہ جنکی خوبیاں پوشیدہ ہیں تہہ میں سمندر کی

ہزاروں پھول دشت و در میں ایسے بھی کھلے ہونگے
کہ جنکے مسکرانے میں ہے خوشبو مشک و اذفر کی

---

* اس عنوان کے تحت اکثر معلومات کتاب ''تحریک ترقی مملکت آصفیہ'' سے اخذ کی گئی ہیں۔

محکمہ معدنیات کی جانب سے تین سال سے بہ دوران نمائش ایسی معدنیات کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے جو ہمارے ملک میں بہ افراط دستیاب ہو رہی ہیں یا آیندہ برآمد کی جاسکتی ہیں۔ چنانچہ نمائش میں محکمہ معدنیات کی اسٹال میں ان کی بابت مختلف رپورٹیں اور نقشہ جات وغیرہ فراہم کئے جاتے ہیں لیکن وہ اردوزبان میں نہ ہونے کی وجہ سے اہل ملک کو اپنی طرف متوجہ نہ کرسکے۔

سرکار عالی کی جانب سے ہٹی میں سونے کے نکالنے کی مہم دوبارہ شروع کردی گئی ہے اور توقع ہے کہ سونے کی گرانی کے باعث اس معدن سے خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔

لوہا برآمد کرنے کے لئے بھی ملک میں مختلف اسکیمیں پیش کی جارہی ہیں اور یہ توقع کی جاتی ہے کہ برقابی قوت کی تولید کے ساتھ ہمارے ملک میں کثیر مقدار میں لوہا نکالا جاسکے گا۔ جس سے ہمارے ملک کی کلیدی صنعتوں کی کافی ترقی ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی کوئلہ سے گیس تیار کرنے کی بابت بھی مختلف تجاویز حکومت کے زیر غور ہیں۔

زرعی پیداوار زرعی پیداوار کے لحاظ سے اکثر لوگ نہیں جانتے کہ مملکت آصفیہ کی ہندوستان میں کیا حیثیت ہے۔ کسی صوبہ یا ریاست میں ارنڈی اور جوار کی کاشت اتنے وسیع رقبہ پر نہیں کی جاتی جتنی کہ یہاں کی جاتی ہے۔ کپاس۔ مونگ پھلی۔ السی باجرہ۔ مکائی۔ تمباکو اور تل کی کاشت میں بھی اور ریاستوں کے مقابلے میں اس کو امتیازی درجہ حاصل ہے۔ نیشکر۔ تمباکو اور تل کی کاشت کے لحاظ سے بھی مملکت آصفیہ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

لیکن ابھی ہمارے ملک کی زرخیزی سے کما حقہ استفادہ نہیں کیا جارہا ہے اور ہمیں اکثر زرعی پیداواروں کے لئے غیروں کا محتاج رہنا پڑتا ہے۔ تعجب تو یہ ہے کہ چانول جیسی چیز جو ہماری اہم ترین غذا ہے لاکھوں من کی تعداد میں باہر سے درآمد کیا جاتا ہے اور پچاس لاکھ روپیہ سے زاید کا میوہ ہمیں باہر سے منگوانا پڑتا ہے۔

علاوہ ازیں زرعی پیداواروں کی صنعتی اہمیت سے پوری طرح استفادہ نہیں کیا جارہا ہے۔ کپاس اور روغن دار تخم (۷۰) فیصد کی مقدار میں خام حالت میں باہر بھیجدئے جاتے ہیں اور ان کے صنعتی فوائد سے ہمارا ملک محروم ہی رہتا ہے۔

صنعتی حالت | صنعتی لحاظ سے ہمارا "حال" اس قدر شاندار نہیں ہے جتنا کہ ہمارا "ماضی" تھا ۔ قدیم سیاحوں اور تاریخ کی کتابوں میں اس کا تذکرہ ملتا ہے کہ ہماری مصنوعات جن میں سوتی اور ریشمی ملبوسات اور چینی کے ظروف نمایاں حیثیت رکھتے تھے اکثر افریقہ اور یورپ کے بازاروں کیلئے برآمد کی جاتی تھیں لیکن ہمارے صنعتی زوال کی وجہ جب یہ صنعتیں مردہ ہوگئیں تو ہمیں تاریخ کے یہ دستاویز افسانہ معلوم ہونے لگے ۔ ملبوسات کی حدتک ہمرو۔ مشروع اور کمخواب کی وجہ سے ہماری ان قدیم صنعتوں کے کچھ آثار باقی رہگئے ہیں لیکن چینی کے ظروف کی حدتک اس کا نام ونشان بھی نہ رہا تھا کہ یہ کہاں تیار ہوتے تھے البتہ ابھی حال میں ہمارے ماہران آثار قدیمہ کی کوششوں سے "کنڈا پور" کی کھدائی کے سلسلہ میں جو اشیاء برآمد ہوئی ہیں ان میں ایسے ظروف پائے گئے ہیں جن سے تاریخی بیانات کی عینی تصدیق ہوسکتی ہے ۔

قدیم تاریخی واقعات سے قطع نظر فی الوقت جو پرانی صنعتیں باقی رہگئی ہیں ان کی ایک اجمالی فہرست حسب ذیل ہے ۔ اور نمائش میں ان کا مشاہدہ بھی کیا جاسکتا ہے ۔

(۱) دستی کاغذ ۔
(۲) رنگریزی اور چھپوائی ۔
(۳) زردوزی ۔
(۴) ہمرو۔ مشروع اور کمخواب ۔
(۵) سیلا اور پگڑی ۔
(۶) اونی قالین ۔
(۷) صنعت تسر ۔
(۸) صنعت آلات حرب ۔
(۹) تانبے اور پیتل وغیرہ کے برتن ۔
(۱۰) کھلونا سازی ۔
(۱۱) سونے اور چاندی کا نقشی اور جالی کا کام ۔
(۱۲) بیدری ظروف ۔
(۱۳) چوڑی سازی ۔

لیکن مذکورۂ بالا صنعتوں کی تجارتی لحاظ سے کیا اهمیت باقی رہ گئی هے یه ایك مستقل مسئله هے جس سے همیں دوچار هونا پڑیگا اس لئے نمائش کی اس مختصر کتاب میں هم اس پر بحث نہیں کرسکتے۔ یہاں صرف انکی جانب اشارہ کردینا ضروری هے۔

یہاں همیں اس قدر ضرور کہنا پڑتا هے که همارے ملك کے صناع اور کاریگر اگر زمانے کے مذاق کے مطابق سامان تیار کرنے لگیں تو ان کے لئے بازار خود فراهم هونے لگیں گے۔

جدید صنعتوں میں مشین کا پارچه۔ شکر سازی۔ سگریٹ سازی۔ روغن کشیدگی۔ سمنٹ سازی اور دیاسلائی اور لوهے کی بعض مصنوعات کو کسی قدر ترقی هوئی هے۔ لیکن زمانے کے حالات اب بدل چکے هیں همیں جدید صنعتوں کی طرف زیادہ سے زیادہ متوجه هونا هے۔ انقلاب صنائع۔ مشین کا استعمال سائنٹیفك ایجادات اور اختراعات نے مصنوعات کی بے شمار راهیں نکالی هیں اور ملك کی ادنی سے ادنی اشیاء سے افادہ حاصل کرنیکی اس درجه قابلیت بڑهادی هے کهگویا مٹی کو سونا بنایا جارها هے اس وقت هم اگر کلیدی صنعتوں کو فروغ نہیں دینگے اور ملك میں بڑے بڑے کارخانے قائم نه کریں گے تو پھر هماری آئندہ ترقی کے کوئی امکانات نہیں رهتے۔

همارے ملك کی معدنی دولت اور زرعی پیداواروں کا هم نے اوپر تذکرہ کیا هے اور ان کی موجودگی میں همیں صنعتی ترقی کے لئے سوائے قوت ارادی اور تنظیمی قابلیت کے کسی اور چیز کی ضرورت نہیں هے۔ قوت متحرکه اور کیمیائی اشیاء و نیز سرمایه کی بھی کوئی کمی نہیں اور حکومت بھی هماری هر طرح مدد کرنے تیار هے۔ البته همارے ملك کے سائنس دانوں اور انجینیروں کا یه فریضه هونا چاهئے که ملکی وسائل سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کی صورتیں نکالیں۔ اورکلیدی صنعتوں کو رائج کر کے ملك میں دیگر ضمنی صنعتوں کے لئے مواقع بهم پهونچائیں۔

رایل ٹیلرنگ فرم۔ جی رگهوناته بلڈنگ عابد روڈ



بسرپرستی خاص اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ



نظام ویجیٹبل ہیر آئیل

دماغ اور حسن کا تنہا محافظ۔ بہترین تیلوں سے سو فیصدی بہتر۔ عدیم المثال صنعت لاثانی و پائدار خوشبو
قیمت علاوہ اخراجات ۸

گولڈن اسنو

یہ وہ افضل ترین غازہ ہے جو کہ ممالک یورپ کے مماثل تسلیم کر لیا گیا ہے۔ رخساروں میں سرخی اور جلد میں خاصی نرمی پیدا کرتا ہے۔ شیونگ کے بعد اس کے استعمال سے جلد سیاہ نہیں ہوتی بلا لحاظ موسم و وقت استعمال کیا جاتا ہے۔ قیمت علاوہ اخراجات

۱۲/

دکن ہیر آئیل

ملک کا مایۂ ناز اور غیر ممالک میں ممتاز مستند ڈاکٹروں اور حکیموں کا آزمودہ۔ سرکار نظام کے کیمیکل اگزامینر کا امتحان کردہ یہی وہ تیل ہے جس کے مفید ہونے سے دنیا کی کوئی ہستی انکار نہیں کر سکتی قیمت علاوہ اخراجات

۱۴/

دکن ہیر آئیل کمپنی حیدرآباد دکن

(ہندوستان کی مشہور نمائشوں سے طلائی تمغے یافتہ)

جنگ کے باعث حسب ذیل قیمت پر فروخت ہو رہا ہے۔

نظام ویجیٹبل ہیر آئیل - دکن ہیر آئیل ، گولڈن اسنو

ایک روپیہ ۶/ ۱۵/ ۱۳/

دی نظام شگر فیکٹری لمیٹیڈ

صدر دفتر	کارخانہ
مسرت منزل عابد روڈ	بودھن نظام آباد
حیدرآباد ۔ دکن	

ملکی سرمایہ ۔ ملکی محنت اور ملکی انتظام کے تحت

خالص نیشکر سے بنی ہوئی نہایت صاف چمکدار اور عمدہ
شکر استعمال کیجئیے

اور

اپنے ملک کی اس بڑی صنعت کو فروغ دیجئیے

مختاران انتظامی :۔ ایچ ۔ ای ۔ ایچ ۔ دی نظامس انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ

نمائندہ مختاران انتظامی :۔ دی حیدرآباد کنسٹرکشن کمپنی لمیٹیڈ

عابد روڈ حیدرآباد

سررشتہ طباعت سرکار عالی
SHREE
MAN
THE VA
MANWA

مقاصد نمائش اور انکی تکمیل

عنوان بالا کے تحت یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ انعقاد نمائش کے جو اغراض و مقاصد پیش نامہ میں مقرر کئے گئے تھے ان کی تکمیل کس حد تک ہوسکی اور ان نمائشوں سے اہل ملک کو کیا سبق حاصل ہوا۔

یہ ظاہر ہے کہ چند نوجوانوں کی وقتی سعی و کاوش اور قلیل مدت کی تیاری سے باغ عامہ کے چھوٹے سے احاطہ میں مملکت آصفیہ کے زبردست قدرتی وسائل اور بیشمار گھریلو صنعتوں کا مکمل موقع پیش کرنا کسی طور پر بھی ممکن نہ تھا جہاں سینکڑوں اشیاء کا مظاہرہ کیا گیا وہاں ابھی لاکھوں اشیاء آنکھوں سے اوجھل رہیں ملک کی معدنی دولت اپنی معدنوں ھی میں رہی۔ صرف ایک مرتبہ حیدرآباد کی معدنی کمپنی نے سنگ سیلو کی نمائش کی تھی۔ زرعی پیداوار کے البتہ کچھ اچھے نمونے موجود تھے لیکن ان کی صنعتی اہمیت کی کوئی خاص وضاحت نہ ہوسکی۔ ملک کی بہ پیمانہ کبیر صنعتوں میں سے صرف چند کی نمایندگی ہوئی۔ اور گھریلو صنعتوں میں بہت سے اضلاع کی صنعتیں ابھی منظر عام پر نہ لائی جاسکیں۔

لیکن ان تمام کوتاھیوں کے باوجود مجلس نمائش اور معاشی کمیٹی کی سب سے بڑی کامیابی یہ ھے کہ اس کی اس جد و جہد کی وجہہ سے اہل ملک کو ملکی مصنوعات سے نہ صرف واقفیت حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوگیا بلکہ ان میں ملکی اشیاء کے استعمال کا جذبہ بھی سرایت کرگیا۔ اور ملکی صناعوں کی سرپرستی کا خیال امراء سے لے کر عوام کی حد تک عام ہوگیا ھے۔

غرض ادنی ضروریات سے لے کر اعلی ضروریات کی تکمیل کے لئے ملکی مصنوعات کی فراھمی اور ان کا استعمال کس حد تک ہورہا ھے اس کا ایک مختصر خاکہ اس نمائش سے ضرور ظاہر ہوا اور جب شاہ دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نے بہ نفس نفیس اس نمائش کا معائنہ فرمایا تو ملکی مصنوعات کے ستارے اپنے اوج پر پہنچ گئے۔ شاہ والا کا یہ ارشاد کہ " میں خود ملکی مصنوعات استعمال کرنے پر فخر کرتاہوں اور میری رعایا

کے لئے بھی اس کا استعمال طرہ امتیاز ہونا چاہئے" اھل ملک کے لئے یقیناً شمع ھدایت کا کام دیگا۔

جہاں شاہ والا نے موجودہ مصنوعات کی قدر افزائی فرمائی وھاں جدید مصنوعات کے قیام کے لئے بھی ہمت افزائی فرمائی اب عام طور پر ملک میں مختلف النوع نمائشوں کے انعقاد کا شوق بڑھتا جارھا ھے اور کثرت سے نمائشیں ھو رھی ھیں۔ یہ چیز ملک کی عام معاشی بیداری کا پیش خیمہ ھے اور ملک کی ھر جہتی ترقی کا راز اسی میں پوشیدہ ھے۔

Perfume Centre

ABID ROAD.

Perfumery-Toilet Goods and General Merchandise

Visit us for

World famous perfumes of France, Spain, Egypt, England, & America.

پرفیوم سنٹر

عابد روڈ

دنیا کی منتخب خوشبویات۔ زینت اور سنگھار کی جملہ اشیاء کا مرکز جہاں

فرانس، اسپین، مصر، انگلستان اور امریکہ کے مشہور عالم سنٹس وغیرہ فروخت ھوتے ھیں۔

نمائش مصنوعات ملکی سال به سال

سنہ ۱۳۳۸ف کی نمائش

سنہ ۱۳۳۸ف میں پہلی نمائش مصنوعات ملکی کا افتتاح نواب سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر نے فرمایا۔ اور اسکے پہلے صدر مولوی میر محمود علی صاحب ایم اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ) لکچرار سٹی کالج تھے۔ اور مولوی عبد الرحیم صاحب بی اے (عثمانیہ) معتمد معاشی کمیٹی اور شنکر جی صاحب بی اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ) مددگار بلدیہ معتمد نمائش مقرر ہوے۔ نمائش کی اسکیم اور پراسپکٹس کی ترتیب کا کام مولوی خواجہ حمید احمد صاحب بی اے (عثمانیہ) مددگار اعداد شمار نے انجام دیا۔

یہ نمائش صرف پندرہ دن کی تیاری کے ساتھ کی گئی تھی اور جب نمائش کے انعقاد کا ارادہ کیا گیا تو اس وقت کمیٹی کے پاس ڈھائی روپیہ کا سرمایہ تھا لیکن عثمانین کی رضاکارانہ سعی نے اس نمائش کو اس قدر کامیاب بنایا کہ یہ نمائش آئندہ نمائشوں کا پیش خیمہ بنی۔ اس نمائش میں تقریباً سو اسٹال قائم ہوے تھے اور تقریباً ایک لاکھ روپیہ کی مالیت کا سامان لایا گیا تھا۔ پچاس ہزار سے زاید اشخاص نے اس نمائش کو دیکھا۔ یہ نمائش دس دن رھی۔

اس نمائش میں اکثر ایسی مصنوعات کا مظاہرہ کیا گیا جن کو دیکھکر بعض عہدہ داران مقتدر نے اس امر کا اعتراف کیا کہ ان صنعتوں کی بابت انھیں پہلی مرتبہ اس کا علم ہوا کہ وہ ممالک محروسہ سرکارعالی میں تیار ہوتی ھیں۔

نواب صدر اعظم بہادر نے اپنے جوابی خطبہ افتتاحیہ میں جن امور کی بابت زور دیا ان کا اقتباس درج ذیل ھے:-

"انجمن طیلسانین کو میں مشورہ دونگا کہ وہ اپنی مساعی کو نمائش کی حد تک محدود یا ختم نہ کردیں بلکہ معاشی کمیٹی کی تنظیم کے ذریعہ اس کا انتظام کریں کہ ھمارے نوجوان طیلسانین اور تعلیم یافتہ حضرات ھماری صنعتوں کے مراکز پر پہنچیں۔

کاری گروں سے تعلقات بڑھائیں اور ان کی تجارتی تنظیم کی کوشش کریں جس کی وجہ سے نہ صرف کاری گر خوشحالی کی زندگی بسر کرسکیں بلکہ معقول تعداد میں تعلیم یافتہ نوجوان ملک کی تجارت و حرفت کو اپنی معاش کا ذریعہ بناسکیں ۔ مجھے بڑی خوشی ہوگی اگر انجمن طیلسانین اس مسئلہ کو ہاتھ میں لے گی اور ایک ایسی پر خلوص اور متدین جماعت تیار کرے گی جو ملکی مصنوعات کی ترقی کو اپنی عملی زندگی کا نصب العین بنائے ۔

"ملک کی معاشی اور صنعتی پیمائش کا اقدام معاشی کمیٹی کے پیش نظر ہے اس کو میں قدر کی نگاہوں سے دیکھتا ہوں اور آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس خصوص میں جب آپ مزید تفصیلات مہیا کرنے کے قابل ہوجائیں تو آپ کی تجاویز پر حکومت سرکارعالی احتیاط کے ساتھہ غور اور واجبی امداد سے دریغ نہیں کریگی ۔"

حیدرآباد میں دہلی

وہ کیا؟

دہلی دواخانہ

واقع مکرم جاہی روڈ قریب معظم جاہی مارکٹ میں تشریف لائیے ۔ اور قدرت خدا مشاہدہ کیجئے اسکے تمام مرکبات دہلی کی دوا سازی کے اصول پر تیار کئے جاتے ہیں ۔ اگر آپ کسی کہنہ اور پیچیدہ بیماری میں مبتلا ہیں ۔ اور علاج کرتے کرتے مایوس ہوگئے ہیں توضرور آئیے اور دواخانہ کے کہنہ مشق اور تجربہ کار اور مستند حکیم کی حذاقت اور دست شفاء سے فائدہ اٹھائیے ۔

(خان اینڈ سنس)

جدید حیدرآباد

Modern Hyderabad





By courtesy of Government Central Press

سنہ ۱۳۴۹ف کی نمائش

سنہ ۱۳۴۹ف میں دوسری نمائش مصنوعات ملکی کا افتتاح حضرت شہزادہ جنرل والاشان نواب معظم جاہ بہادر نے فرمایا۔ اور اس سال کمیٹی کے صدر مولوی محمد فاروق صاحب بی۔ اے (عثمانیہ) ایچ۔ سی۔ یس مددگار بلدیہ تھے۔ اور مولوی شرف الدین صاحب بی اے (عثمانیہ) معتمد مقرر ہوئے۔

اس نمائش میں تقریباً (۲۰۵) اسٹال قائم ہوے اور نئی نئی صنعتیں اسمیں پیش کی گئیں اور تقریباً ایک لاکھ اشخاص نے حصہ لیا جس میں خواتین نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ یہ نمائش تقریباً دو ھفتہ قائم رھی۔ اس سال نمائش میں (۵۵) شعبہ جات قائم کئے گئے جس کے لئے نمائش کا پیش نامہ بہ کمال احتیاط تیار کیا گیا۔

اعلحضرت بندگان عالی خلداللہ ملکہ وسلطنتہ نے بطور خاص نمائش کا تفصیلی معائینہ فرما کر اپنے تاثرات کا اظہار ایک فرمان کے ذریعہ فرمایا جس کو خاص احاطۂ نمائش گاہ میں بہ نفس نفیس زیب قرطاس فرمایا گیا تھا اور مولوی خواجہ حمید احمد صاحب بی۔ اے (عثمانیہ) شریک معتمد کے معروضہ ادب پر اس کے عکس لینے کی اجازت مرحمت فرما کر جملہ کارکنان نمائش کو مفخر فرمایا۔ فرمان شاھانہ کا یہ عکس اس کتابچہ کے لئے بھی باعث صد زینت بنا ھوا ھے۔

حضرت شہزادہ جنرل والاشان نواب معظم جاہ بہادر نے جواب سپاس نامہ میں طیلسانین عثمانیہ کی خدمات کو بدیں الفاظ شرف قبولیت بخشا۔

”مجھے مسرت ھے کہ حضرت بندگان عالی نے جامعہ عثمانیہ کو قائم فرمانے کے وقت فرزندان جامعہ سے متعلق جن توقعات کا اظہار فرمایا تھا ان کو میں پروان چڑھتے ہوے دیکھہ رھا ھوں اور یہ محسوس کر رھا ھوں کہ انجمن طیلسانین عثمانیہ کی جدوجہد نے غیر طیلسانین میں بھی ملک ومالک کی خدمت گذاری کا جوجذبہ پیدا کر دیا ھے وہ ملک کے مستقبل کے لئے فال نیک ھے۔“

”صنعت وحرفت کی ترقی کے لئے ملکی مصنوعات کی نمائش بہترین ذریعہ سمجھی گئی ھے جس کی افتتاح کی میں آج مسرت حاصل کر رھا ھوں اور اس کی شاندار کامیابی کا متوقع ھوں۔“

سنہ ۱۳۵۰ف کی نمائش

سنہ ۱۳۵۰ف کی تیسری نمائش کا افتتاح بہ اتباع فرمان خسروی نواب صدر اعظم بہادر نے فرمایا۔ اور اس سال کمیٹی کے صدر مولوی محمد علی صاحب موسوی اور معتمد مولوی شرف الدین صاحب بی۔ اے (عثمانیہ) مقرر ہوے۔

اس نمائش میں (۲۰۰) کے قریب اسٹال قائم ہوے اور تقریباً ڈیڑھ لاکھ اشخاص نے یہ نمائش دیکھی۔ نمائش کے احاطہ میں کافی وسعت ہوئی۔ اور اکثر سرکاری محکمہ جات نے بھی ان سے متعلقہ اشیاء کی نمائش کی اور اس نمائش کے ساتھ نمائش مرغبانی و باغ بانی کا بھی اضافہ کیا گیا۔

نمائش میں شعبہ مظاہرات بھی خاصہ کامیاب رہا اور جامعہ عثمانیہ و نظام کالج کے طلباء نے بہ دوران نمائش اپنے تجربات سے عوام کو واقف کرایا۔

نمائش میں پیش شدہ صنعتوں کی تفصیلی کیفیت معلوم کرنے کے لئے ایک سوال بند جاری کیا گیا جو ۲۴ سوالات پر مشتمل تھا۔ اس سوال بند کے جوابات جملہ اسٹالوں کے مالکوں سے حاصل کئے گئے جن کے قلمبند کرنے میں جامعہ عثمانیہ کے معاشیات کے متعلقین نے کافی مدد دی۔

نواب صدر اعظم بہادر نے اپنے جوابی خطبہ افتتاحیہ میں نمائش کی عمارت کی تعمیر کے بابت حسب ذیل الفاظ میں یہ وعدہ فرمایا:۔

”مجلس نمائش کے لئے مستقل سرمایہ فراہم کرنے کا خیال میری دانست میں بہت مستحسن ہے اور مجھے یقین ہے کہ ملک کا سرمایہ دار طبقہ جو صنعتی ترقی کی اہمیت کو اچھی طرح محسوس کرتا ہے ضروری سرمایہ کی فراہمی میں دل کھول کر مدد دیگا۔ اسی طرح مستقل نمائش خانہ کے قیام کی تجویز کی بھی میں قدر کرتا ہوں بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ایک مستقل نمائش گاہ قائم کرنے کی تجویز اس وقت حکومت کے زیر غور ہے اور مجھے امید ہے کہ ہم بہت جلد اس بارے میں حکومت کے فیصلہ کا اعلان کرنے کے قابل ہونگے“۔

حیدرآباد کوآپریٹیو انشورنس سوسائٹی

محدود

حیدرآباد دکن

پس اندازی کا بہترین اور واحد ذریعہ زندگی کا بیمہ ہے

ایک مرتبہ بیمہ کرانے کے بعد مقررہ قسط کی ادائی کے پابند ہوجاتے ھیں اور اپنے موازنہ کا یہ ایک لازمی جزو بن جاتا ھے۔

حیدرآباد کواپریٹیو انشورنس سوسائٹی سے تفصیلی معلومات حاصل فرمائیے سوسائٹی مذکور نے بالکل قلیل عرصہ میں تقریباً (۱۷) لاکھ کا کاروبار فراھم کیا ھے۔ اور پالیسی کنندگان کو کافی منافع تقسیم کرنے کے علاوہ کئی ایک پریشان خاندانوں کو مالی امداد بہم پھونچائی ھے۔

حیدرآباد کواپریٹیو انشورنس سوسائٹی میں بیمہ کرنا یا اسکی نمایندگی کرنا ملک کی بہترین اقتصادی خدمات میں سے ھے۔

USE

"INFANTONE" for your baby's health.

ملک کی ترقی اور قوم کی خوشحالی

کے لئے

تندرست اور توانا نسلوں کی ضرورت ہے

بچوں کی کامل صحت

کے لئے "انفن ٹون" ایک ایسی آزمودہ اور بھروسہ کی مشہور ترین ایجاد ہے۔ جس سے بچوں کا ہاضمہ تندرست رہتا ہے۔ اور صحت و توانائی کے ساتھ بچوں کی نشوونما ہوتی ہے۔ اور بچے بیماریوں کے حملہ سے محفوظ رہتے ہیں۔

اس لئے ہر بچہ کے لئے

انفن ٹون کا استعمال

نہایت ضروری ہے

قیمت فی شیشی (۱۵) آنے

ہر جگہ مل سکتا ہے

سنہ ۱۳۵۱ف کی نمائش

سنہ ۱۳۵۱ف کی چوتھی نمائش مصنوعات ملکی بہ اتباع فرمان خسروی یکم ذالحجہ سے شروع ہورہی ہے اور ایک مہینے تک جاری رہے گی۔

اس نمائش کا افتتاح ہز اکسلنسی عالیجناب نواب سر محمد احمد سعید خاں صاحب چھتاری صدر اعظم باب حکومت فرمانے والے ہیں۔ مولوی میر اکبر علی خاں صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی (عثمانیہ) بسارایٹ لا مجلس نمائش کے صدر اور مولوی شرف الدین صاحب معتمد نمائش منتخب ہوے ہیں۔

یہ نمائش گذشتہ تین سال کے مقابلہ میں زیادہ اعلی پیمانہ پر کی جارہی ہے۔ اور اس میں پہلے سے زیادہ سرکاری محکمہ جات حصہ لے رہے ہیں اور کثیر تعداد میں حیدرآباد اور اضلاع کی صنعتوں کا مظاہرہ کیا جانے والا ہے۔

نمائش باغبانی۔ مرغبانی کے انتظامات بھی سال گذشتہ کے مقابلے میں زیادہ وسیع پیمانہ پر کئے جارہے ہیں۔

اگرچیکہ جنگ کی روزافزوں ہولناکی کی وجہ سے ملک میں عام گرانی پیدا ہوگئی ہے اور پٹرول راشننگ کی وجہ سے ٹکٹ کی آمدنی پر اثر پڑے گا لیکن ارا کین نمائش سرگرمی کے ساتھ ان تمام دشواریوں پر عبور حاصل کرنے کی سعی میں ہیں اور ملکی ضروریات کے تحت اس وقت صنعت وحرفت کو جو ترقی دی جانی چاہئیے اس کے لئے ممکنہ طور پر کوشاں ہیں۔ چنانچہ اس سال نمائش کو کامیاب بنانے کا پروپگنڈا ہر سال سے زیادہ کیاجارہا ہے اور معتمد تشہیر مولوی عبد العلی صاحب بی۔ یس۔ سی۔ ایل ایل بی باوجود ہمی دشواریوں کے اس کام کو بخوبی انجام دے رہے ہیں۔

نمائش کے دیگر شعبہ جات مثلاً شعبہ مظاہرات۔ شعبہ حسن کاری اور شعبہ تفریحات کو بھی نئے انتظامات کے تحت پہلے سے بہت زیادہ اعلی پیمانہ پر قائم کیا جارہا ہے۔

"کل حیدرآباد معاشی کانفرنس" کا تعلق اگرچہ کہ براہ راست معاشی کمیٹی سے ہے لیکن نمائش کے دوران میں اجلاسوں کے انعقاد سے مجلس نمائش کو بھی خاصہ تعلق ہے اور اس کانفرنس میں ایسی مصنوعات پر زیادہ مقالے پڑھوائے جارہے ہیں جو خاص طور پر نمائش میں لائی گئی ہیں نیز اس کانفرنس میں ان مشکلات اور دشواریوں پر بھی غور کیا جائے گا جن سے ہمارے ملک کے صناعوں کو نئے حالات کے تحت سامنا کرنا پڑرہا ہے۔

سو فیصد سودیسی مصنوعات

دس سالہ تجربہ کی قابل قدر ایجاد

قیمتیں اس قدر مناسب کہ ہر شخص ان سے فائدہ اٹھا سکے

ملکی

ہماری ایجادیں طبی اصولوں پر نہایت احتیاط کے ساتھ تجربوں کے بعد تیار کی جاتی ہیں۔

مندرجہ حاشیہ کی اشیاء کو حضور نظام کے تمام اسٹوروں کے لئیے ہم ہی سپلائی کرتے ہیں نیز اسٹیٹ ریلوے۔ سکندرآباد ہسپتال وغیرہ وغیرہ کو ہماری طرف سے بہم پہنچایا جاتا ہے۔

نیشنل سوپ فیاکٹری

کارخانہ نمبر (۹۳۷۴)
بکل کوڑہ سکندرآباد

سیلس ڈپاٹس

مارکٹ اسٹریٹ
مہاکالی اسٹریٹ } سکندرآباد

{ افضل گنج حیدرآباد دکن

پبلسٹی

سپاسنامہ

بہ خدمت گرامی فضیلت مآب نواب سر محمد احمد سعید خان بہادر صدر اعظم باب حکومت سلطنت آصفیہ سرکار عالی

فضیلت مآب!

معاشی کمیٹی اور مجلس نمائش کی جانب سے میں جناب کا خیر مقدم کرتا ہوں اور ان ہردو اداروں کے اس یقین کا اعادہ کرتا ہوں کہ حضرت سلطان العلوم خسرو دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے جناب والا کا جو انتخاب مملکت آصفیہ کے منصب جلیل صدارت عظمیٰ پر فرمایا ہے وہ بہر نوع ملک و مالک کیلئے کامیاب ثابت ہوگا اور جو توقعات ہر جہتی ترقی کی جناب سے وابستہ کی گئی ہیں وہ باحسن الوجوہ پوری ہوں گی -

جناب والا کو یہ معلوم کر کے مسرت ہوگی کہ معاشی کمیٹی اور مجلس نمائش مصنوعات ملکی کا قیام بطور خاص حضرت فرمانروائے دکن کی توجہ شاہانہ کا رہین منت ہے - حضرت بندگانعالی متعالی نے گھریلو صنعتوں کے مرکز کے افتتاح کے موقع پر ایک بصیرت افروز تقریر فرمائی تھی اس میں یہ ارشاد شاہانہ ہوا تھا کہ :—

> "میں دیکھتا ہوں کہ دنیا کے تمام ممالک میں گھریلو مصنوعات کی خریدی کا رجحان پایا جاتا ہے خواہ وہ ایسے عمدہ نہ ہوں جیسی کہ درآمد شدہ اشیاء ہوا کرتی ہیں لہذا کوئی وجہ نہیں ہوسکتی کہ میری قلمرو میں بھی اس عالمگیر فطری رجحان پر کیوں نہ عمل کیا جائے —

ایسی حالت میں جبکہ میں خود حتی الامکان اپنے ھی قلمرو کی مصنوعات کی خریدی اور اس کا استعمال کرتا ہوں تو میرا خیال ھے کہ میرا یہ عمل بنفسہ میری رعایاء پر اثر انداز ہوگا وہ مجھ سے اور میرے ملک سے اسقدر محبت رکھتی ھے کہ اس مسئلہ پر اس کو میری تقلید پر آمادہ کرنے کے لئے کسی مزید ترغیب کی ضرورت نہ ہوگی"۔

اس ارشاد شاہانہ نے طیلسانین عثمانیہ کے قلوب کی گہرائیوں میں ایک ایسا جوش عمل پیدا کر دیا کہ انہوں نے مقاصد بالا کی تکمیل کے لئے معاشی کمیٹی کا قیام از بس ضروری خیال کیا۔

معاشی کمیٹی انجمن طیلسانین عثمانیہ سے ایک ملحقہ جماعت ہے اور جو فیوض و برکات جامعہ عثمانیہ کے قیام سے ملک کو حاصل ہو رہے ہیں اس کی یہ ایک مزید شہادت ہے۔

انجمن طیلسانین عثمانیہ کا ہر رکن اس حقیقت کو اچھی طرح سے محسوس کرتا ہے کہ جامعہ عثمانیہ کے ایک طیلسانی کی حیثیت سے جو بیشمار فوائد اس کو حاصل ہوئے ہیں ان کا اقتضاء یہ ہے کہ وہ ملک اور مالک کی خدمت گزاری میں خود کو ممتاز کرے اور اس امر کی ممکنہ کوشش کرے کہ خدمت گزاری کا دائرۂ عمل صرف طیلسانین ہی کی حد تک محدود نہ رہے بلکہ جملہ ابنائے وطن کو اپنے ملحقہ جماعتوں کے کاروبار میں شریک کر کے خدمت گزاری کا موقع دیا جائے۔ چنانچہ اسی اصول کے تحت انجمن طیلسانین عثمانیہ نے مختلف جماعتیں قایم کی ہیں۔ جن میں غیر طیلسانین کی ایک کثیر تعداد شریک ہے ان جماعتوں میں علاوہ معاشی کمیٹی کے بلدی جماعت اور جماعت اتحاد و ترقی بھی ہیں۔

معاشی کمیٹی اور مجلس نمائش کے لائحہ عمل میں مسائل معاشی کے متعلق علمی تحقیقات کے علاوہ یہ مقصد بھی شامل ہے کہ ملک میں مصنوعات ملکی کی ترقی اور اسکے روز افزوں استعمال کے متعلق ممکنہ تدابیر اختیار کی جائیں تاکہ زندگی کے ان عام اہم مسائل کے متعلق صحیح معلومات فراہم ہوسکیں اور ان کی اہمیت کا صحیح احساس پیدا ہو۔ انعقاد نمائش سے اگر ایک طرف اہل ملک کو اپنے ملک کی تیار کی ہوئی اشیاء کے استعمال کی ترغیب و تحریص ہو تو دوسری طرف صنعت و کاریگری میں روز افزوں ترقی ہو۔

معاشی کمیٹی اس حقیقت کو بھی اچھی طرح محسوس کرتی ہے کہ گھریلو صنعتوں کے احیاء اور فروغ سے ملک کے ایک طبقہ میں ضرور خوش حالی پیدا ہوسکتی ہے لیکن جب تک مشنری کے ذریعہ کام کرنے والے کارخانے بڑے پیمانہ پر قائم نہ ہوں بہ لحاظ حالات زمانہ ملک میں حقیقی طور پر نہ صنعتی فروغ ہوسکتا ہے اور نہ وہ خوش حالی ممکن ہے جو ملک کے وسائل کو بہتر سے بہتر طریقہ پر استعمال کرنے سے حاصل ہوسکتی ہے اسی تصور کے پیش نظر سالانہ نمائش مصنوعات ملکی منعقد کی جاتی ہے اور اس میں ہر چھوٹی بڑی صنعت کو اہل ملک کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور مختلف طریقوں پر ان امکانات کا بھی اظہار کیا جاتا ہے جن سے مزید صنعتی ترقی ممکن ہوسکے۔

یہ امر جناب والا اور دیگر مفکرین سے مخفی نہیں ہے کہ آج کل دنیا میں سب سے اہم سوال معاشی سوال ہے۔ اور ہر قوم اس کوشش میں منہمک ہے کہ نہ صرف اپنے معاشی وسائل اور ذرائع کو بہتر سے بہتر بنائے بلکہ دیگر اقوام اور ممالک کے معاشی وسائل پر بھی دسترس حاصل کرے۔

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ منجملہ دیگر وجوہ کے ایک اہم وجہ اس عالم گیر اور خون ریز جنگ کی یہ ہے کہ محوری حکومتوں نے کمزور اقوام کے معاشی وسائل پر جبر اور زیادتی سے قبضہ حاصل کرنے کے لیے یہ ہنگامہ آرائی برپا کر رکھی ہے۔ اس طریقہ عمل کی شدت مخالفت ہر ایسے شخص اور قوم پر لازم ہے جو جبر و زبردستی کے طریقہ کو قابل نفرت سمجھتی ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کی انتہا پسند جماعتوں نے بھی محوری حکومتوں کے طریقہ کو قابل ملامت قرار دیا ہے۔ اس لحاظ سے ہمارا اخلاقی فریضہ ہے کہ ہم حکومت برطانیہ کی ممکنہ مدد کریں۔ لیکن جب ہمارے آقائے ولی نعمت نے بہ حیثیت حلیف ہر طرح کی امداد کا حکم دیا ہے تو پھر ہمارا فریضہ اولین ہے کہ ہم اس جنگ کے خطرہ کو جو قریب تر ہو گیا ہے دور کرنے میں ہر ممکنہ سعی کریں۔

ایک اہم سبق جو ہم کو اس خون ریز جنگ سے ملتا ہے وہ یہ ہے کہ جب تک وہ بنیادی اصول جس کی تلقین ہر مذہب اور ہر مصلح اعظم نے کی ہے ہماری شخصی و قومی زندگی کے رہنمانہ ہوں جن سے ہم اپنی اور اپنی قوم کی فلاح و بہبود کے ساتھ دوسرے اشخاص اور اقوام کی بہبودی کو بھی پیش نظر رکھیں اور نوع انسانی کی بہتری کا احترام کریں اُس وقت تک یہ ممکن نہیں ہے کہ خون ریزی اور غارت گری کا انسداد ہو سکے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ جو تخیلات قومی زندگی کے محرک رہے ہیں اور جن اصولوں پر تہذیب جدید کی نشو و نما ہوئی ہے وہ یقیناً تعمیر کے ساتھ ایسے تخریبی عناصر بھی اپنے اندر رکھتے ہیں جو بالآخر ایسے ہی مصائب پر منتج ہوتے ہیں جیسے کہ آج کل عالم گیر جنگ کی صورت میں نمودار ہیں۔

اس عالم گیر جنگ نے اس حقیقت کو بھی واضح کیا ہے کہ جب تک اپنے ملک کے وسائل و ذرائع کو بہتر سے بہتر طریقہ پر استعمال کر کے زراعت اور صنعت وحرفت کو فروغ نہ دیا جائے جنگ و جدل کا مقابلہ تو درکنار ضروریات زندگی کا مہیا کرنا بھی محال ہو جاتا ہے - یہی وجہ ہے کہ ہندوستان میں بھی جدید صنعتیں قایم کرنے کی تحریک کو اس زمانہ میں جو قوت حاصل ہوئی ہے وہ اس سے قبل کبھی حاصل نہیں ہوئی تھی - ہم کو توقع ہے کہ حکومت سرکارعالی کی توجہ اور پبلک کے تعاون سے نہ صرف ملک کے معدنیات سے استفادہ اور گھریلو صنعتوں کو فروغ دینے کی پوری کوشش کی جائے گی بلکہ حتی الامکان ایسے صنعتی کارخانوں کی بھی ابتداء کی جائے گی جن سے ہم نہ صرف حکومت برطانیہ کی دوران جنگ میں بہتر سے بہتر مدد کرنے کے قابل ہوں بلکہ مستقل طور پر ایسی بنیادیں قایم کرسکیں جن سے صنعتی کاروبار میں ایک دور جدید کا آغاز ہو - اس خصوص میں یہ موقع نہیں ہے کہ میں کسی تفصیل میں جاؤں لیکن مجھ کو توقع ہے کہ ہماری معاشی کانفرنس کے سلسلہ میں جو دوران نمائش میں منعقد ہو رہی ہے ان مسائل پر عملی نقطہ نظر سے تفصیلی طور پر غور کیا جائے گا -

یہ امر جناب والا سے مخفی نہیں ہے کہ تعلیم یافتہ بیروزگاری کا مسئلہ بھی روز بروز اہم سے اہم تر ہوتا جا رہا ہے اور اس کا بھی واحد حل یہ ہی ہو سکتا ہے کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے زراعت اور صنعت و حرفت کے میدانوں میں وسیع تر مواقع پیدا کیے جائیں - اور ایسی سہولتیں پیدا کی جائیں جن کے باعث وہ بجائے ملازمت کے اسطرف رجوع ہوں -

ہمارا یہ بھی یقین ہے کہ اگر کاروباری زندگی کو دن بدن اہمیت حاصل ہوتی جائے تو بہت سے ایسے مسائل جو بادی النظر میں اختلافی نظر آتے ہیں دور ہو جائیں گے اور یہ حقیقت زیادہ واضح ہوگی کہ وہی شخص یا جماعت آئندہ کامیابی حاصل کرسکتی ہے جو تعمیری امور کی طرف متوجہ ہو۔ اور اپنے آپ میں وہ خصوصیتیں پیدا کرے جن کی بنا پر ملک کی معاشی زندگی میں بہتری پیدا ہوسکے۔

گزشتہ نمائش کے موقع پر منجانب نمائش کمیٹی عالیجناب صدر اعظم بہادر کو چند امور کی طرف متوجہ کیا گیا تھا۔ جن میں قابل ذکر ملک کا عام معاشی جائزہ (Economic Survey) اور مستقل نمائش گاہ کا قیام تھا۔ میں اسقدر عرض کرنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ نہ صرف ملک کے عام معاشی جائزہ (General Economic Survey) کی ضرورت ہے بلکہ خاص خاص صنعتوں میں خاص معاشی جائزہ (Special Survey) کی بڑی شدید ضرورت ہے اور اس کی بھی ضرورت ہے کہ ہمارے کاریگروں کو نہ صرف کم سے کم داموں پر خام پیداوار مہیا کی جائے بلکہ اُن کے تیار کردہ سامان کی نکاسی کا زیادہ بہتر انتظام کیا جائے اس خصوص میں دھاگہ کے میسر نہ آنے کی وجہ جلاہوں کو جو مشکلات پیدا ہوئی ہیں وہ محتاج بیان نہیں ہیں۔ بین الاقوامی سیاسی صورت حال میں جو حالیہ واقعات رونما ہوے ہیں ان کے پیش نظر غلہ کی فراہمی اور دیگر امور سے متعلق تحفظ کی جو اہمیت ہے وہ جناب والا پر ظاہر ہے۔

عالیجناب سابق صدر اعظم بہادر نے سال گذشتہ اپنی تقریر میں یہ ارشاد فرمایا تھا کہ :۔

”ایک مستقل نمائش گاہ قایم کرنے کی تجویز اس وقت حکومت کے زیر غور ہے اور مجھے امید ہے کہ ہم بہت جلد اس باب میں حکومت کے فیصلہ کا اعلان کرنے کے قابل ہوں گے“

ہم کو جناب والا سے کامل توقع ہے کہ اس فیصلہ کا اعلان جلد فرمایا جا کر ہم کو تشکر کا موقع دیا جائے گا - اور اس مستقل نمائش گاہ کو بالکلیہ نمائش کمیٹی کے زیر نگرانی رکھا جائیگا -

جناب والا کو یہ معلوم کر کے مسرت ہو گی کہ نمائش مصنوعات ملکی میں سال بسال ترقی ہو رہی ہے اور قدیم صنعتوں کی بنیادیں مستحکم ہو رہی ہیں اور جدید صنعتیں منظر عام پر آ رہی ہیں - چنانچہ گزشتہ سال کے اعداد یقیناً حوصلہ افزا ہیں -

حضرت بندگانعالی کے حکم محکم سے نمائش باغبانی و مرغبانی جو منجانب سررشتہ زراعت کی جاتی تھی وہ بھی اس نمائش کے ساتھ زیر انتظام مجلس نمائش منعقد ہو رہی ہے - اور اس انتظام میں محکمہ زراعت کا پورا تعاون عمل حاصل ہے - لیکن اس امر کی ضرورت شدید ہے کہ اس محکمہ کے کاروبار کو جس کا راست تعلق زراعت پیشہ آبادی سے ہے وسیع تر کیا جائے اور جو نقائص زراعی کاروبار میں مختلف وجوہ سے پیدا ہو گئے ہیں ان کے دور کرنے کا عزم بالجزم کیا جائے -

معاشی کمیٹی - انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ - محکمہ بلدیہ - محکمہ تحصیل معیشت کا اُس مالی امداد کے لئے اظہار تشکر کرتی ہے جو اس کو ان ادارہ جات کے جانب سے حاصل ہوئی ہے -

اس امر کے اظہار میں مجھکو خاص مسرت ہے کہ یہ نمائش اگرچہ بالکل غیر سرکاری

ادارہ کے جانب سے منعقد ہوتی ہے لیکن محکمہ جات سرکاری محکمہ ریلوے اور بلدیہ کا اس کو کامل تعاون حاصل ہے - اور جو ذاتی دلچسپی نواب زین یار جنگ بہادر - نواب مہدی نواز جنگ بہادر - مولوی سید احمد محی الدین صاحب (ناظم صنعت و حرفت) اور مولوی مہر علی صاحب فاضل - خان صاحب محمد عارف صاحب اور دیگر اراکین مجلس مشاورت نے لی ہے اس کا اعتراف میرے لئے ضروری ہے - اس قدر عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ دیگر شرکاء کار کی ان تھک اور مسلسل کوشش کے بغیر نمائش کا اس پیمانہ پر منعقد کرنا ممکن نہ ہوتا اس لئے میں اپنے ہر شریک کار کے مساعی کا بہ دل ممنون ہوں -

گزشتہ تین سال کے قلیل عرصہ میں جو فروغ نمائش مصنوعات ملکی کو حاصل ہوا ہے اُس کی اصلی اور حقیقی وجہ وہ شاہانہ سرپرستی ہے جو حضرت پیر و مرشد بندگان عالی مد ظلہ العالی کی ہر سال تشریف آوری اور زرین ہدایات کی رہنمائی کی صورت میں ظاہر ہوئی - ان الطاف خسروانہ پر نہ صرف اراکین معاشی کمیٹی و مجلس نمائش بصد ادب شکر گزار ہیں بلکہ تمام اہل ملک بھی اس سرپرستی کی وجہ سے جو مصنوعات ملکی کی فرمائی جارہی ہے دست بدعا ہیں کہ خداوند کریم ہمارے شاہ ذی جاہ اور شہزادگان بلند اقبال و شہزادیان فرخندہ فال کے عمر و اقبال میں ترقی عطا فرمائے آمین -

میں اس موقع پر آل انڈیا اورنٹیل کانفرنس اور انڈین ہسٹری کانگرس کے نمایندوں کا منجانب مجلس خیر مقدم کرتا ہوں - مجھکو توقع ہے کہ آپ حضرات نمائش مصنوعات ملکی کے خوش گوار اثرات اپنے ساتھ لیجائیں گے میں یور اکسلنسی

اور تمام معزز مہمانوں کا شکریہ عرض کرتا ہوں کہ آپ حضرات نے ہماری نمائش کے انتظام میں شرکت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی ہے۔

امید ہے کہ آپ حضرات کے مفید مشورہ سے استفادہ کر کے ہم آئندہ سال اس سے بہتر نمائش منعقد کرنے کے قابل ہوں گے۔

میں عالیجناب سے استدعاء کرتا ہوں کہ مصنوعات ملکی کی چوتھی نمائش کا افتتاح فرماویں۔

باغ عامہ

۱۷ - بہمن سنہ ۱۳۵۱ف

میر اکبر علی خان

صدر مجلس نمائش و معاشی کمیٹی

انجمن طیلسانین عثمانیہ

ملک کے صناع اور کارخانہ دار

نمائش باغ عامہ میں کیوں شریک ہوں ؟

(۱)

دس اہم وجوہ

۱ ۔ ملکی صنعتوں کی مؤثر ترین تشہیر کا بہترین ذریعہ نمائش گاہ باغ عامہ میں ان کی نمائش ہے کیونکہ ایک ماہ کی مدت میں تقریباً تین لاکھ شہری ملکی صنعتوں کا معائنہ کرتے ہیں ۔

۲ ۔ پچھلی نمائشوں کا تجربہ ہے کہ نمائش میں شرکت کرنے والے صناع کاریگر اور مالکان کارخانہ جات نے بحیثیت مجموعی تقریباً ایک لاکھ کی مالیت کا سامان احاطۂ نمائش میں فروخت کیا اس سال سنین ماضیہ کے مقابلہ میں مدت نمائش بہ تعمیل فرمان خسروی کامل ایک ماہ مقرر ہوئی ہے ۔ اس طرح مال کی نکاسی کے لئے کافی مدت اور مواقع ہیں ۔

۳ ۔ نمائش میں شرکت کرنیوالے صناع اور کاریگروں کے لئے نمائش کمیٹی نے حسب ذیل سہولتیں مہیا کی ہیں ۔

الف ۔ سامان کے حمل و نقل کے اخراجات میں نظام اسٹیٹ ریلوے نے ملک کی صنعتی ترقی کی خاطر نصف رعایت منظور کی ہے ۔

ب ۔ مال اصل مستقر سے باغ عامہ تک اسی کرایہ میں بلا اخراجات باربرداری پہونچ جائیگا ۔ یہ سہولت واپسی کے وقت بھی حاصل رہیگی ۔ ریلوے نے حدود باغ عامہ میں ہی اپنا دفتر قائم کردیا ہے تاکہ شرکاء کو ہر قسم کی سہولت حاصل رہے اور شکایتوں کی فوری اصلاح کی جائے ۔

ج ۔ اسٹال کے کرائے حسب سابق نہایت قلیل رکھے گئے ہیں اور یہ رعایت اضافہ مدت نمائش کے باوجود قائم رکھی گئی ہے ۔

د ۔ اس سال ماہ ذی الحجہ شہر حیدرآباد کے لئے خاصی چہل پہل کا مہینہ ہے تقریباً نصف درجن کل ہندی کانفرنسوں کا مرکز حیدرآباد منتخب ہوا ہے اس لحاظ سے نمائش دیکھنے والوں کی نہ صرف تعداد بڑھی ہوئی رہے گی ۔ بلکہ ہندوستان کے مختلف شہروں اور ریاستوں کے ممتاز افراد ملکی صنعتوں سے روشناس ہوکر یہاں کی مصنوعات کا ذکر اپنے شہروں میں کرینگے ۔

۴ ۔ اس سال تفریحات کا پروگرام نہایت اہتمام کے ساتھ مرتب کیا

جارہا ہے جس کی وجہ سے نمائش دیکھنے والوں کی تعداد میں کم از کم دوچند اضافہ کی توقع ہے۔

۵۔ اس سال خواتین کے لئے پانچ یوم مختص کئے جارہے ہیں اور پچھلی نمائشوں کا تجربہ ہے کہ یوم خواتین میں مال کی نکاسی روزانہ کے مقابلے میں دہ چند زیادہ ہوتی ہے۔

۶۔ یوم خواتین بجائے جمعہ کے دیگر ایام تعطیلات میں مقرر کیا جارہا ہے اس لئے خواتین اپنا پورا دن نمائش گاہ ہی میں بسر کرینگی سنین گزشتہ میں بعد نماز جمعہ صرف نصف یوم وہ نمائش گاہ میں بسر کرتی تھیں۔

۷۔ سنین گزشتہ میں ملکی صناع اور کاریگروں کو یہ شکایت پیدا ہوگئی تھی کہ نمائش گاہ میں بیرون ملک کی پیداوار نمایاں طور پر پیش کی گئی تھی جس کی وجہ سے ملکی صنعتوں کا مظاہرہ حسب دلخواہ نہ رہا اور مسابقت کی وجہ سے ملک کی پیداوار کی نکاسی بھی کافی نہ رہی۔ اس سال بہ تعمیل فرمان خسروی پورا نمائش گاہ صرف ملکی صنعتوں کے لئے وقف اور مختص ہے بیرونی اشیاء کو نمائش گاہ میں کوئی دخل نہ ہوگا۔ اس لحاظ سے ملکی صنعتوں کی تشہیر اور فروخت کے لئے یہ زرین موقع ہے۔

۸۔ وہ صناع جو احاطۂ نمائش گاہ میں اپنی کاریگری کا مظاہرہ کرینگے ان کے لئے نمائش کمیٹی نے خصوصی رعایتیں ملحوظ رکھی ہیں کرایۂ اسٹال میں کمی ایک اہم رعایت ہے بعض غیر مستطیع صناعوں کو نمائش کمیٹی نے کرایۂ آمد و رفت بھی دینا منظور کیا ہے تاکہ ملک کی کوئی صنعت شرکت نمائش کے فوائد سے محروم نہ رہے۔

۹۔ نمائش کمیٹی کا واحد مقصد ملک کی صنعتوں کو منظر عام پر لانا ہے تاکہ اہل ملک ان کی سرپرستی کریں اور اپنے مال کو بیرونی مال پر ترجیح دیں اگر صناع خود اس موقعہ سے استفادہ نہ کریں تو وہ اپنا آپ نقصان کریں گے۔

۱۰۔ جنگ کی وجہ سے بیرونی مال کی درآمد میں معتدبہ کمی واقع ہوچکی ہے۔ ملکی صناع اس صورت حال سے فائدہ اٹھا کر اپنی صنعتوں کو فروغ دینے کی کوشش کریں تو ممکن ہے کہ بیرونی مال کی درآمد سے ہمیشہ کیلئے باشندگان سلطنت آصفیہ مستغنی ہوجائیں اور اس طرح ملک کی کثیر دولت کی برآمد رک جائے فقط

محمد عبدالعلی۔ بی۔ یس۔ سی۔ یل۔ یل بی

معتمد تشہیر طباعت نمائش مصنوعات ملکی

B

بون میل

ھڈی کا چورہ

پھل پھول کے درخت کیلئے صرف ایک بار استعمال کیجئے اور خوش کن نتیجہ دیکھ لیجئے۔

(۵۶) پونڈ کی تھیلی کی قیمت دو روپیہ سکہ عثمانیہ

الہ دین بون مل

سکندر آباد

ندیم خاص شاہی زخلاالعالی

A.D.C.

حولی قدیم
۱۰۔۱۰ رجب ۱۳۴۶ھ

سارٹیفکٹ

حاجی محمد حسین صاحب سوداگرست کن چارکمان جوکہ دیوڑھی مبارک وتبرخانہ مبارک اعلحضرت قدر قدرت میں روشنی کے اسباب اور چینی و کانچ کے برتنوں وغیرہ کی سربراہی کرتے ہیں انہوں نے جشن جوبلی مبارک کے موقع پر بماہ شوال ۱۳۶۲ ہجری باغ عامہ میں اور گولکنڈہ پریڈ گرونڈ پر بوقت رونق افروزی سواری مبارک روشنی اور ظروف چینی وغیرہ کا نہایت عمدگی سے انتظام کئے اور جو جو کام ان کو دئے گئے تھے وہ اچھی طرح بجالائے۔

(دستخط)

شرمدستخط افسر الملک بہادر

ملکی مصنوعات کی قدر فرمائیے

گلبہار اسٹال نمبر (۴۰) پر تشریف لائیے

مینیجر :— گلبہار کمپنی حیدر آباد

دلکش موسیقی

کے لئے جن نغمہ نواز سازوں کی ضرورت ہے وہ ہمارے یہاں ہمہ اقسام میں موجود ہیں اور ریڈیو و گراموفون کا بھی ایک زبردست ذخیرہ ہمارے یہاں نمایش کے لئے رکھا گیا ہے۔ نیز ریڈیو۔ گراموفون ہارمونیم۔ سارنگی۔ اور بیانڈ باجوں وغیرہ وغیرہ کی ماہرانہ درستی کے لئے

پتہ یاد رکھئے

دی جنرل میوزیکل مارٹ

روبرو معظم جاہی مارکٹ حیدر آباد

جواب سپاسنامہ

منجانب ہز اکسلنسی حافظ نواب کرنل سر محمد احمد سعید خاں بہادر

صدراعظم باب حکومت مملکت آصفیہ

(جو بتاریخ ۱۷ - بہمن سنہ ۱۳۵۱ ف بتقریب افتتاح نمائش پڑھا گیا)

حضرات!

جس گرم جوشی سے آپ نے اپنے کرم خاص سے آج میرا خیر مقدم کیا ہے اور جس وثوق کے ساتھ میری کامیابی اور اس کے سلسلہ میں ملک کی ترقی سے متعلق جن توقعات کے پورا ہونے کی آپ نے پیشین گوئی کی ہے وہ میرے لئے باعث صد شکر و طمانیت ہے - خدائے برتر مجھے توفیق رفیق عطا فرمائے کہ مین اعلحضرت بندگانعالی کے زیر ہدایت اس ملک کی خدمت بہ طریق احسن انجام دے سکوں -

آپ نے اپنے سپاسنامہ میں بہت سے ایسے نکات پر روشنی ڈالی ہے جو پچھلے تین ماہ سے برابر میرے پیش نظر رہے ہیں - اس لئے جب میں آپ کے سپاسنامہ کے الفاظ پر غور کر رہا تھا تو غالب کا یہ مصرع بار بار میرے ذہن میں آرہا تھا کہ -

"میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے"

اعلیحضرت سلطان العلوم بندگانعالی و متعالی نے کہ جن کے فیض قدم سے حیدرآباد کا ذرہ ذرہ منور نظر آرہا ہے اپنی بصیرت افروز تقریریں جس کا آپ نے

بجاطور پر اپنے سپاسنامہ میں تذکرہ کیا ہے ہم لوگوں کی ایک زبردست راہنمائی فرمائی ہے۔ شاہ ذیجاہ جب خود اپنے ملکی مصنوعات کی قدر افزائی فرماتے ہیں اور ان کو استعمال فرماکر سرفرازی عطا فرماتے ہیں تو پھر دوسرے اہل دولت کیلئے اس سے بہتر مثال لائق تقلید اور کیا ہو سکتی ہے۔ خدا کرے شاہ ذیجاہ کی یہ مثال ہمارے ملک کے بچے بچے کیلئے شمع ہدایت کا کام دے۔

حضرات۔ مجھے آپ کی رائے سے کلیتہً اتفاق ہے کہ اس وقت دنیا میں معاشی سوال وقت کا سب سے بڑا سوال بن گیا ہے اور موجودہ ہولناک جنگ کی حقیقت اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ زبردست اور منظم اقوام کمزور اور غیر منظم قوموں کو اقتصادی اور معاشی محکومیت میں رکھنا چاہتی ہیں۔ محوری حکومتوں نے اسی بناء پر یہ لڑائی چھیڑی۔ اس لئے آج ہندوستان میں کوئی ایک طبقہ بھی ایسا نہیں جو ان محوری طاقتوں کو نفرت کی نظر سے نہ دیکھتا ہو۔ مجھے آپ کی اس رائے سے اتفاق ہے کہ اس کی سب سے بڑی وجہ دنیا کا مذہب سے الگ ہو جانا ہے۔ ہم اپنی روزانہ زندگی میں یہ دیکھتے ہیں کہ ہمارا ضمیر بعض اوقات خود ہمیں دھوکا دے دیتا ہے۔ (Self Deception) یا خود فریبی کا شکار لوگ اتنی آسانی سے ہو جاتے ہیں کہ حقائق سے دور ہو کر اپنے دلوں کی خواہش کے مطابق روزانہ نئے اصول وضع کر لیتے ہیں۔ کاش کہ مذہب کا لنگر اتنا زبردست ہوتا کہ وہ راہ راست سے نہ بھٹکتے۔ کاش کہ جب ان کی رائیں ان کی خواہشات سے اور ان کے دماغ ان کی دلی تمناؤں سے مفتوح ہو جائے تو اُس وقت مذہب ان کے سامنے چراغ رکھکر انہیں اس اندھیرے سے نکال لیتا۔ مذہب کا چراغ تو آج بھی روشن ہے۔ مگر صاحب بصیرت لوگوں کی کمی ہے۔ خدا ہمیں نظر بصیرت عطا فرمائے۔

حضرات - اب میں چند ان امور کی جانب اشارہ کرنا چاہتا ہوں جن کا آپ نے اپنے سپاسنامہ میں تذکرہ فرمایا ہے - میں اس ضمن میں تعلیم یافتہ طبقہ کی بیکاری کی جانب آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں - مجھے اس سے اتفاق ہے کہ ہمارے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی ملازمتوں کو نظرانداز کرکے صنعت و حرفت اور زراعت کی طرف توجہ کرنی ہوگی۔

حضرات - میں آپ کے ملک میں صنعت و حرفت کی ترقی کے لئے بیتاب ہوں - اور ہر ممکن کوشش اس امر کی کیجارہی ہے کہ جتنی اور جس قدر بھی مشینیں فراہم ہوسکیں انہیں فراہم کرکے کام شروع کردیا جائے۔ کچھ مشینیں تو آرہی ہیں - خدا کرے پہنچ جائیں - لیکن اس زمانہ میں مشینوں کا ملنا اگر ناممکن نہیں تو قریب قریب ناممکن ضرور ہوگیا ہے - میں نے دہلی میں بھی اس کی کوشش کی اور آپ کے ہاں کے ایک نوجوان افسر کو امریکہ کے سفر پر بھی روانہ کردیا - لیکن وہ بیچارے ابھی پہلی منزل ہی طے کرنے پائے تھے کہ جاپان کی شرکت جنگ نے اُنہیں مجبور کیا اور وہ سنگاپور سے واپس آگئے - کاش دو تین برس پہلے ہم نے اسطرف توجہ کی ہوتی - بہرنوع آپ کی گورنمنٹ کا یہ ارادہ ہے کہ اس زمانہ میں تمام تیاریاں کرلی جائیں اور جس وقت مشینیں دستیاب ہوں سب سے پہلے (Hydro Electric Schemes) پر عمل کیا جائے۔

حضرات - آپ نے اس ملک میں پارچہ بافوں کی مشکلات کا بھی ذکر کیا ہے جو تاگانہ ملنے کی وجہ سے اس زمانہ میں انہیں پیش آرہی ہیں - گورنمنٹ اس جانب متوجہ ہے اور کوشش کررہی ہے تاکہ ان کے لئے جلد سے جلد دھاگے کی فراہمی کا انتظام کیا جاسکے - آپ نے اس طرف بھی مجھے توجہ دلائی ہے کہ غلہ کی فراہمی یا اس کے نرخ کا انتظام کیا جائے۔ گذشتہ ایک ماہ سے آپ کی گورنمنٹ اس

طرف متوجہ ہے۔ میں خود متفکر ہوں۔ گیہوں کے نرخ کے متعلق تو آپ نے سنا ہوگا کہ اس کا انتظام ہو گیا ہے لیکن اس سے ہماری مشکلات کا حل نہیں نکلتا۔ اس لئے کہ ہماری غذا زیادہ تر چاول اور جوار ہے۔ میں اس کی کوشش کر رہا ہوں کہ عنقریب ہمسایہ صوبوں کے تعاون اور اشتراک عمل سے اس مشکل کو بھی حل کیا جائے۔ اس کے متعلق تحریک شروع کر دی گئی ہے۔ نیز اس کے لئے بھی ذرائع اور وسائل سوچے جا رہے ہیں کہ فراہمی غلہ کا کیا انتظام کیا جائے۔ ان تمام امور پر عملی کارروائی شروع ہو گئی ہے۔ اور اگر خدا نے چاہا تو عنقریب آپ کے اطمینان کے قابل انتظام ہو جائیگا۔

حضرات۔ میں آپ کے ساتھ ساتھ اُن حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے نام آپ نے اپنے سپاسنامہ میں لئے ہیں اور جنھوں نے اس نمائش کی مدد فرمائی اور خلوص دل سے اس دعاء میں آپ کا شریک ہوں جس میں آپ نے حضرت پیرو مرشد بندگان عالی شاہزادگان بلند اقبال اور شہزادیان فرخندہ فال کی عمر و اقبال میں ترقی کے لئے دعا فرمائی ہے۔

"ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد"

نمائش میں اضلاع کی چھوٹی صنعتیں

نمائش میں جن کم استطاعت صناعوں نے اضلاع سے اپنا تیار کردہ مال لایا تھا وہ سب دیکھتے دیکھتے ھی فروخت ھوگیا۔ چنانچہ نارا ین پیٹھ۔ النداور سنگاریڈی کا ریشم کا کپڑا سیلو اور پاتھری کا قمیص کا کپڑا۔ مٹ پلی کی کھادی۔ محبوب نگر کے کمبل فرخ نگر کے ساگرمٹے کی رسی۔ آلیر کے برش رائچور کا فرنیچر۔ گلبرگہ شریف کا تیل اور اگربتیاں۔ دولت آباد کا کاغذ اور نمدہ۔ پٹن کی توریں اور گتیاں۔ میسرم کی چھڑیاں اورنگ آباد کا ھمرو اور مشروع۔ نظام آباد اور یادگیر کی بیڑیاں۔ نیپڑتی کا چاندی کے کام وغیرہ کے اسٹالوں کا بیشتر مال نمائش ختم ھونے سے پہلے ھی ختم ھوگیا۔

لیکن ابھی ممکت آصفیہ کے اکثر اضلاع ایسے ھیں جہاں سے نمائش مصنوعات ملکی میں کوئی حصہ نہیں لیا گیا۔ اور جن اضلاع نے نمائش میں حصہ لیا ھے وھاں کی اکثر اشیاء ابھی نمائش میں نہیں لائی گئی ھیں اور عوام کو ان سے بالکل بے خبری ھے۔ ھم آئندہ ایک ایسی فہرست شائع کرنے والے ھیں جن میں مقامی مصنوعات کی تفصیل سے تذکرہ کیا جائیگا۔

نمائش مصنوعات ملکی میں جاگیرات کا حصہ

سنہ ۱۳۴۸ف سے سنہ ۱۳۵۰ف تک جو نمائشیں ھوئی ھیں ان میں جاگیرات سے بھی کافی طور پر نمائندگی ھورھی ھے چنانچہ ابتدائی سالوں ھی سے مہاراجہ بہادر آنجہانی کی جاگیر فرخ نگر ساگرمٹے کی رسی اور کاغذ نمائش میں لایا جارھا ھے۔ فخرالملک کی جاگیر میٹ پلی سے بیت سومیا نامی ایک کاری گر کھادی کا کپڑا لاتا ھے۔ نواب بہادر یارجنگ بہادر کی جاگیر لال گڑھی سے ایسا سوتی کپڑا لایا جاتا ھےجو ٹوئیڈ کے ڈزائن سے ملتا جلتا ھے۔ اسی طرح اسٹیٹ امرچنتہ۔ اسٹیٹ بہیم اور سمستان گدوال سے وھاں کی مقامی صنعتیں اور روانہ کی جاتی ھیں جن میں

سوتی اور ریشمی کپڑے کے علاوہ کمبل اور مختلف قسم کی چھڑیاں۔ سروتے وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

لیکن ابھی بہت سی جاگیرات ایسی باقی رہ گئی ہیں جن کی نمائندگی کی ضرورت ہے۔ ضلع بیڑ کی سرسالہ جاگیر کے شملہ اور ساڑیاں۔ ضلع پربھنی میں سوتی پیٹھ کی سوتی ساڑیاں اور دستیاں۔ نلگنڈہ کی جاگیرات کا چاندی۔ سلور۔ پیتل اور تانبے کا کام ابھی نمائش میں نہیں آیا ہے۔

اس طرح نواب سالارجنگ بہادر اور نواب کمال یارجنگ بہادر کی جاگیرات کی مصنوعات کا بھی نمائش میں مظاہرہ نہیں ہوا۔ اور امراء عظام کی پائیگاہوں کی مصنوعات کا نمائش کے لئے انتظار ہے۔

صنعتی ترقی کے لئے جب تک ملک کے امراء اور جاگیردار خاص توجہ نہ فرمائیں ہماری کوششیں کارگر نہیں ہوسکتیں۔ جہاں ملک کو ایک طرف زرعی اور دیہی ترقی کی ضرورت ہے وہاں صنعتی ترقی سے بھی کسی صورت میں بے اعتنائی نہیں برتی جا سکتی۔

اورنگ آباد سلک ملز

کا تیار کردہ

ہر قسم کا اچھا سلک ہمارے شوروم پتھرگٹی پر

:- اور :-

نمائش گاہ میں اسٹال نمبر (۲۵،۲۴)

:- پر :-

ملاحظہ فرمائیے

اورنگ آباد سلک ملز (اورنگ آباد)

عالیجناب آنریبل راجہ دھرم کرن بہادر آصفجاہی

کے اسٹیٹ کی مصنوعات

چاندی ، پیتل ، سنگ بلفم ، چوڑیاں ، پارچہ ، کل اور

مختلف اشیاء کا مظاہرہ

زیر سرپرستی

بہادر ممدوح الشان

نمائش مصنوعات ملکی میں کیا گیا ہے

نمائش گاہ میں اسٹالس نمبر (۱۰۴ ، ۱۰۵ ، ۱۰۶)

پر

مولوی مؤید الدین حسن صاحب معتمد اسٹیٹ

نہایت مسرت سے

تفصیلی رہنمائی فرماتے ہیں

خواتین اور کم استطاعت صناعوں

کی

دستکاری کی نمائش

خواتین اور کم استطاعت صناعوں کی دستکاری کی نمائش کے لئے معاشی کمیٹی نے پہلی نمائش ھی سے اس امر کا اہتمام رکھا کہ نمائش میں ایک خاص اسٹال کمیٹی کی جانب سے قائم ہوا اور اس میں نہایت ھی قلیل فیس کی ادائی سے ان کی نمائش کا بطور خود انتظام کیا جائے۔

پہلے سال یہہ اسٹال بہت کم مہلت کی تیاری سے قائم ہوا لیکن اس کے باوجود تیس چالیس خواتین اور کم استطاعت صناعوں کی دستکاری کے نمونہ اس میں جمع کرلئے گئے تھے جس کی کمیٹی کی جانب سے کافی تشہیر کی گئی اور نمائش میں جو بھی مہمان آتے تھے ان کو بطور خاص یہ اسٹال دکھایا جاتا۔ چنانچہ اس طور پر ایسی دستکاری کے نمونوں کی کافی فروخت بھی عمل میں آئی۔ اور معاشی کمیٹی کا یہہ اسٹال بہت مقبول ہوا۔ اور ختم نمائش کے بعد اسکا مطالبہ کیا گیا کہ کمیٹی کی جانب سے مستقل طور پر ایسی کوئی فروخت گاہ قائم کی جائے جہاں خواتین اور کم استطاعت صناعوں کی تیار شدہ اشیاء کی نکاسی ہوسکے۔ چنانچہ معاشی کمیٹی کے اراکین نے فوراً اس جانب توجہ کی اور معظم جاھی مارکٹ میں ایک دوکان لےکر اس میں ایسی ملکی مصنوعات کا ایک مستقل مرکز قائم کردیا اور اس کے انتظام کے لئے قانون امداد باھمی کے تحت ایک ذیلی ادارہ تشکیل دیا جاکر قائم کردیا گیا ھے جو ادارہ مرکز مصنوعات ملکی امداد باھمی محدود کے نام سے موسوم ھے اور اب اس ادارہ کی جانب سے ھر سال نمائش میں ایک اسٹال اس غرض سے قائم ہوتا ھے۔

معاشی کمیٹی کی اس کوشش کا یہہ نتیجہ ہوا ھے کہ اکثر غریب اور پردہ نشین خواتین کا مال بازاروں میں فروخت ہونے لگا اور نمائش میں ھر سال ان کے مال کی کافی





لکڑی کا کام
Lacquer Work.

تشہیر کیجاتی ہے۔ اور سوزن کاری اور کشیدہ کاری کے علاوہ نقاشی۔ بید بافی اور نجاری سے متعلق سامان بھی عورتوں ہی کا تیار شدہ لایا جارہا ہے۔

اس طرح اگر گھر میں بیٹھنے والی عورتیں دستکاری کی جانب راغب ہوں اور گھر بیٹھے کچھ کمانے کی تدابیر پر عمل پیرا ہوں تو ان کے لئے کسب معاش کی مختلف راہیں نکل سکتی ہیں اور ملک میں دستکاری کو کافی فروغ ہوسکتا ہے۔

آپ کی توجہ کا طالب

مدرسہ فیض النسواں شاہ گنج

لاری، ٹرک اور بس میں

سمسن گیاس پلانٹ

پٹرول کے بجائے استعمال کیجئے

چھ مہینہ استعمال کرنے سے یہ اپنی قیمت آپ ادا کردیتا ہے۔

اسکے

کارکرد۔ معاشی اور اپٹوڈیٹ ہونے کا حکومت حیدرآباد و مدراس نے بھی اعتراف کیا ہے۔

مسرس ایم۔ ونڈر من اینڈ سنس خیریت آباد حیدرآباد سے

مشورہ کیجئے

نمائش میں یتیم خانوں کی صنعتیں

نمائش میں حیدر آباد کے دو مشہور خانگی یتیم خانوں کی مصنوعات بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ ان میں پہلا یتیم خانہ انجمن خادم المسلمین کے نام سے مشہور ہے۔ یہہ یتیم خانہ اٹھارہ سال سے ملک کے غریب اور یتیم بچوں کی تربیت کا کام انجام دے رہا ہے اور ان میں علمی صلاحیت پیدا کرنے کے ساتھہ صنعتی قابلیت اور مہارت پیدا کرتا ہے تاکہ وہ بڑے ہو کر کوئی ہنر اختیار کر سکیں۔ صنعتی تعلیم میں نجاری۔ خیاطی۔ بیدبافی۔ فینسی و چرمی اشیاء سازی اور آہنگری کا اس یتیم خانے میں بہت اچھا انتظام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کا تیار شدہ مال نمائش میں اپنی خوبی اور نفاست کے لحاظ سے اکثر طلائی تمغہ جات کا مستحق قرار دیا گیا۔

دوسرا یتیم خانہ " انیس الغرباء " کے نام سے مشہور ہے۔ اس یتیم خانے میں بھی اب علمی تعلیم کے علاوہ صنعتی تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے اور یہاں لڑکوں کے ساتھ لڑکیوں کی تعلیم کا بھی بہت اچھا انتظام ہے۔ اس یتیم خانے کی تیار شدہ چیزیں خصوصاً بیدبافی کے نمونے شہر کے دیگر بیدبافی کے کارخانوں کے مال کا مقابلہ کرنے لگے ہیں۔

مذکورۂ بالا خانگی یتیم خانوں کے علاوہ نمائش میں ایک سرکاری یتیم خانے کی اشیاء بھی لائی جاتی ہیں جو وکٹوریہ آرفنیج اسکول کے نام سے مشہور ہے۔ اس یتیم خانہ کا انتظام سرکاری ہونے کی وجہ سے بہت باقاعدہ ہے اور یہاں متعدد قسم کی کشیدکاری اور کروشیے کا بھی کام ہوتا ہے۔

حمیدیہ کارخانہ جلد سازی مرلیدھر باغ حیدر آباد

چھپوائی۔ رولنگ جلد سازی۔ طلائی کام وغیرہ

انجمن خادم المسلمین کی مصنوعات

Anjuman Khadimul Muslimeen (Orphanage Institute) Industries

مرکز
مصنوعات محابس

اقسام کے قالین - رنگ برنگ پارچہ اور نایاب صنعتوں کا مخزن ہے
اس کے قائم کرنے کا مقصد یہ ہے

کہ

آپ کو قابل اطمینان اشیاء دستیاب ہوں

اور

قیدی کام سیکھ کر رہائی کے بعد آسانی سے روزگار حاصل کرسکیں

اسلئے

مصنوعات محابس کی خریداری آپ کا قومی فریضہ ہے۔

صنعت

دیسی دستی کاغذ، مقوہ، جاذب

دن دونی رات چوگنی

ترقی کر رہی ہے

اب

دیدہ زیب لفافے، کرسمس کارڈ، فائیل بورڈ

سادے اور افشاں

دعوتی کارڈ

رائیٹنگ پیاڈ

ہر تقریب میں

استعمال ہو رہے ہیں

SYED ISMAIL & SONS — سید اسمعیل اینڈ سنس

Sole Agent for Handmade — سول ایجنٹ دیسی دستی کاغذ

Papers to H.E.H the Nizam's Govt. — منجانب سرکار عالی

ملنے کے پتے

(۱) کارخانہ:۔ دستی کاغذ سازی مستعد پورہ فون نمبر (۳۳۹۷)

(۲) شوروم:۔ پتھر گٹی

اسٹال نمایش گاہ نمبر (۸۱)



زرعی آلات
Agricultural Implements







سمنٹ کا کام

Cement Works



سرامک ورکس

Ceramic Works

نمائش میں بر پیمانہ کبیر صنعتیں

مشین کی تیار کردہ صنعتوں میں پارچہ بافی کی صنعت کو سب سے زیادہ اہمیت ہے اس وقت ممالک محروسہ سرکار عالی میں چھ بڑی ملز کام کر رہی ہیں لیکن ان کا تیار کردہ کپڑا دستی ماگہ سے تیار شدہ کپڑے سے مقدار میں کم ہے اور یہاں چند فیصد ضروریات سے زیادہ کی تکمیل نہیں ہوئی۔

نمائش مصنوعات ملکی میں عثمان شاہی اور اعظم جاہی ملز کا کپڑا بطور نمونہ پیش ہوا تھا اس کے علاوہ بی ڈبلیو ملز اور اورنگ آباد سالک ملز اور بعض دیگر ملز کا ریشمی کپڑا بھی نمائش میں لایا گیا تھا جو اپنی عمدگی و وضع داری کے لحاظ سے بہت مقبول ہوا۔

بودھن کی شکر کی جو نظام ساگر کی تعمیر اور وسیع پیمانہ پر نیشکر کی کاشت کا ماحصل ہے نمائش کی گئی اگرچہ ابھی اس میں بیرونی شکر کے مقابلہ میں مٹھاس نسبتاً کم پائی گئی لیکن اس کے باوجود اہل ملک کے لئے وہ مقبول قرار پائی۔

سرامک انڈسٹریز میں تاج کلے ورکس کی ایجادات نے ملک کے سامنے اینٹوں اور روغنی ظروف کے اچھے نمونے پیش کئے اور ملک کی اعلیٰ قسم کی مٹی کی متعدد صلاحیتوں کو روشناس کرایا۔

اس گرانی کے دور میں مقامی طور پر ادویات کی تیاری میں ملک کی مایہ ناز عبدالرزاق کمپنی نے جو حصہ لیا ہے اس کا بھی اس نمائش میں خاصہ مظاہرہ ہوا۔ اور ایک مشترکہ سرمایہ دار کمپنی کے تحت جو تجاویز روبہ عمل لائی جانے والی ہیں وہ ملک کے لئے بہت خوش آیند ہیں۔

اعظم اسٹیم پریس کی طباعت کا کام اگرچیکہ سرکاری دارالطبع کے کام کے سامنے ماند پڑ گیا تھا لیکن ملک کے ایک خانگی مطبع کی یہ کوششیں برابر خراج تحسین حاصل کر رہی تھیں۔

دکن بٹن فیکٹری کے بٹنوں نے خود ایک ذی اثر یوروپین کی زبان سے اس کا اعتراف کروایا کہ ان کی ساخت اپنی نوعیت اور خوبی کے لحاظ سے یورپ کے تیار شدہ بٹنوں سے کم نہیں سمجھی جاسکتی۔

پیتل اور تانبے کی تیار شدہ اشیاء بھی اپنی نفاست کے لحاظ سے بہت پسند کی گئیں۔ لوہے اور فولاد کی اشیاء کے متعلق البتہ اس کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ان کی کافی نمایندگی نہ ہوئی اور خصوصاً حیدرآباد آئرن اینڈ اسٹیل کمپنی کی تیار شدہ اشیاء کو دیکھنے کے لئے اہل ملک کی جو توقعات تھیں وہ پوری نہ ہوئیں۔ اس جنگ کے دور میں جبکہ لوہے کی اشیاء کی مانگ بہت بڑھ گئی ہے نہ صرف یہ کمپنی بلکہ اور دیگر کمپنیوں کو لوہے کی صنعت کو ترقی دینے کی پوری کوشش کرنی چاہئے۔

ملکی مصنوعات استعمال کیجئے

احاطۂ نمائش میں ہمارے اسٹال پر تشریف لاکر بہترین کپڑا اپنے لئے پسند فرمائیے۔

ہمہ اقسام کا سلک نیوڈ زین ہمرو وکمخواب وغیرہ

پائیدار۔ عمدہ۔ واجبی قیمت

بشیر سلک فیکٹری

جعفر دروازہ (اورنگ آباد)

محکمہ اعداد وشمار طیلسانین کی بیروزگاری کا کیا حل بتاتا ھے؟

ممالک محروسہ سرکارعالی کا رقبہ	۵ ½ کروڑ ایکڑ
رقبہ زیر کاشت	۳ ½ کروڑ ایکڑ
قابل کاشت آفتادہ	۱۵ ¾ لاکھ ایکڑ

مندرجہ بالا اعداد سے ظاہر ہوتا ھے کہ ملک کے سب سے اہم پیشہ میں کام کرنے کی کس قدر گنجائش ھے۔

عملی تجاویز

سرکاری مزرعہ جات پر چھہ ماہ کی ٹریننگ ہو۔ ایک سو ایکڑ زمین بطور آزمائش دس سال کیلئے پٹہ پر دیجائے۔

تقاوی پر (۴) جوڑ بیل
تقاوی پر تخم
تقاوی پر آلات زراعت
} زیر نگرانی محکمہ زراعت

محکمہ اعداد و شمار سے کاروباری اشخاص کیا معلوم کر سکتے ہیں؟

	روپیہ
ممالک محروسہ سرکارعالی کی کل برآمد	۱۶,۸۶,۰۰,۰۰۰
ممالک محروسہ کی کل درآمد	۱۶,۶۱,۰۰,۰۰۰

مندرجہ بالا اعداد سے یہ ظاہر ہو سکتا ہے کہ ہمارے ملک میں (۳۳) کروڑ روپیہ کی تجارت ہوتی ہے اور کاروبار کے لئے ملک میں کافی مواقع ہیں۔

صدر دوکان عثمانیہ بازار - شاخ نمبر (۱) گلزار حوض - شاخ نمبر (۲) روبرو گرامر اسکول

نمائش مصنوعات ملکی میں سرکاری محکمہ جات کی شرکت

نمائش مصنوعات ملکی کا انعقاد اگرچیکہ ایک غیر سرکاری ادارہ کی جانب سے عمل میں آرہا ھے لیکن سرکاری محکموں کے اشتراک عمل نے اس کو بجا طور پر سرکاری اھمیت دے دی ھے۔ صرف فرق اتنا ھے کہ تمام کارکنان نمائش جن میں اکثر سرکاری ملازمین بھی شامل ھیں یہ کام بالکل رضاکارانہ طور پر انجام دیتے ھیں اور اس طور پر سرکاری اور غیر سرکاری جد و جہد کا یہ بہترین ثمرہ ھے۔

ذیل میں جن سرکاری محکمہ جات کی شرکت کا ذکر کیا جارھا ھے وہ ایسے محکمہ جات ھیں جو بطور خاص احاطہ نمائش میں اپنے کاموں سے متعلق اسٹال قائم کرتے ھیں اس موقع پر ان کے اسٹالوں کی حد تک تعارف کرایا جاتا ھے ورنہ اس کا ھرگز یہ مطلب نہیں کہ دیگر محکمہ جات سرکاری نے اس نمائش کو کامیاب بنانے میں کوئی حصہ نہیں لیا بلکہ شائد ھی کوئی ایسا سرکاری محکمہ ھوگا جو نمائشوں کے کاموں سے بالکلیہ علحدہ رھا ھو۔

(۱)۔ محکمہ صنعت و حرفت
(۲)۔ محکمہ تعلیم صنعت و تحصیل معیشت
(۳)۔ محکمہ زراعت
(۴)۔ محکمہ معدنیات
(۵)۔ محکمہ جنگلات
(۶)۔ محکمہ علاج حیوانات و افزائش نسل مویشیان
(۷)۔ محکمہ محابس سرکار عالی
(۸)۔ محکمہ دار الطبع
(۹)۔ محکمہ دار التالیف و ترجمہ
(۱۰)۔ محکمہ اعداد شمار و مردم شماری
(۱۱)۔ محکمہ معلومات عامہ
(۱۲)۔ محکمہ آثار قدیمہ و عجائب خانہ
(۱۳)۔ محکمہ آبکاری
(۱۴)۔ محکمہ ڈرینج
(۱۵)۔ محکمہ آبرسانی
(۱۶)۔ محکمہ آرائش بلدہ
(۱۷)۔ محکمہ آرائش اضلاع
(۱۸)۔ محکمہ صحت عامہ و حفظان صحت
(۱۹)۔ محکمہ بلدیہ
(۲۰)۔ باغ عامہ
(۲۱)۔ محکمہ ریلوے
(۲۲)۔ دیگر سرکاری محکمہ جات

۱ - محکمہ صنعت وحرفت | عام اس کے کہ خود نمائش مصنوعات ملکی کے انعقاد اور ترقی میں محکمہ صنعت وحرفت کی جانب سے مجلس نمائش معاشی کمیٹی کی عملی اور رقمی طور پر کافی امداد دی جاتی ہے اور محکمہ مذکور کی طرف سے نمائش گاہ میں ہر سال علحدہ اسٹال قائم ہوتے ہیں جن میں ایسی منتخبہ اشیاء کی نمائش کی جاتی ہے جن کی فروخت کا انتظام سرکاری فروخت گاہ کی توسط سے عمل میں آتا ہے جو مختلف سرکاری اداروں میں تیار ہوتی ہیں نتیجۃً ملکی مصنوعات کے بہترین نمونے ان سرکاری اسٹالوں میں موجود رہتے ہیں اور سرکار کی جانب سے ملکی مصنوعات کی جو سرپرستی کی جارہی ہے اُن کا صحیح مرقع اس طور پر اہل ملک کے سامنے پیش کیا جاتا ہے - ان اسٹالوں میں بالعموم گھریلو صنعتوں کو نمایاں جگہ دی جاتی ہے - ان میں گزشتہ سال سے چند اُن اشیاء کی بھی نمائش کی جارہی ہے جو بہ اغراض جنگ بر پیمانہ کبیر تیار ہورہی ہیں -

محکمہ صنعت و حرفت کی جانب سے نمائش گاہ میں پارچہ بافی - کمبل بافی - قور بافی - رنگوائی اور چھپوائی وغیرہ کے کاموں کا بھی مظاہرہ کیا جاتا ہے جس کی تعلیم مشیرآباد کے ادارہ مصنوعات دیہی میں دی جاتی ہے -

۲ - محکمہ تعلیم صنعت وحرفت وتحصیل معیشت | اس محکمہ کے تحت جتنے صنعتی مدارس ممالک محروسہ سرکار عالی میں قائم ہیں اُن سب کی نمائندگی اس نمائش میں نہایت بہتر طریقہ سے کی گئی اور ہر مدرسہ کی حرفتوں کے ایسے نمونے پیش کئے گئے جو اپنی جدت اور بناوٹ کے لحاظ سے بہت مقبول ہوئے - چنانچہ ان مدارس کے تعلیم یافتہ نوجوانوں سے بجا طور پر توقع کی جارہی ہے کہ وہ اس قابل ہوں گے کہ ملکی ضروریات کا لحاظ رکھتے ہوئے ملک کی مختلف صنعتوں کو فروغ دیں گے - ان مدارس میں دستکاری کے ساتھ ساتھ مشنوں کے استعمال کی بھی تعلیم دی جارہی ہے - فنون لطیفہ کے ساتھ ایسے فنون میں بھی مہارت پیدا کرائی جاتی ہے جن کو تجارتی اصول پر چلایا جاسکتا ہے -

صنعتی تعلیم کے علاوہ محکمہ مذکور کے پیش نظر حصول معیشت کے اور بھی ذرائع ہیں جن کی جانب عوام کو متوجہ کیا جاتا ہے چنانچہ ان مقاصد کی تکمیل کے سلسلہ میں " معاشی کمیٹی انجمن طیلسانین عثمانیہ " کو اس محکمہ کا کافی تعاون حاصل ہے -

۳ - محکمہ زراعت | محکمہ زراعت کی جانب سے مملکت آصفیہ کی زرعی پیداواروں کے

مختلف اقسام کی نمائش کی جاتی ہے جن کی توضیح مختلف پمفلٹ ونقشہ جات کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ اور ترقی یافتہ اقسام کی اہمیت اور ان کے فوائد بتائے جاتے ہیں۔ اعلیٰ اقسام کی کپاس تخم ہائے روغن وغیرہ اور ایسی زرعی پیداواروں کا جن کی صنعتی اہمیت زیادہ ہے خاص طور پر مظاہرہ کیا جاتا ہے لیکن جب تک ان میں ہر ایک چیز کے لئے علحدہ علحدہ اسٹال قائم نہ کئے جائیں ان کے متعدد صنعتی کاموں سے عوام صحیح طور پر واقف نہیں ہوسکتے۔ محکمہ زراعت کی جانب سے میووں کے مربے اور جیلی بنانے کے طریقہ بھی بتائے جاتے ہیں اور ایسی چیزیں جو ہر گھر میں ذرا سی توجہ اور کوشش سے بہ آسانی تیار کی جاسکتی ہیں۔

مرغبانی اور باغبانی کی نمائش بھی محکمہ زراعت ہی کی جانب سے مصنوعات ملکی کے ساتھ کی جاتی ہے جس کا تذکرہ اس کتاب میں علحدہ طور پر کیا گیا ہے۔

۴۔ محکمہ معدنیات | محکمہ معدنیات وطبقات الارض کی جانب سے مختلف معدنیات و حجریات کے نمونوں کی نمائش کی جاتی ہے۔ لیکن ان کو دیکھکر ہمارے ملک کی بے پایاں معدنی دولت کا کوئی صحیح اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ کوئلہ اور سونے کی کانوں کی تفصیلات کی بابت اب بھی عوام کو اتنی ہی لاعلمی ہے جتنی کہ نمایش سے پہلے تھی۔ بالخصوص ان معدنوں کے کاموں میں عثمانین کی عدم موجودگی تعجب انگیز ہے۔

۵۔ محکمہ جنگلات | نمائش گاہ میں محکمہ جنگلات کا اسٹال ملک کے جنگلاتی وسائل کا ایک چھوٹا سا مرقع پیش کرتا ہے اور محکمہ کی جانب سے جنگلاتی وسائل سے استفادہ کی بابت کافی پروپگنڈہ کیا جاتا ہے اور ہمہ اقسام کے چوبینہ سے تعارف کے علاوہ دیگر جنگلاتی پیداواریں مثلاً لاکھ اور شہد وغیرہ سے متعلق مختلف مظاہرے بھی کئے جاتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں لوہے اور کوئلہ کی قلت کی وجہ سے لکڑی اور ایندھن کی جو طلب بڑھ گئی ہے اس کا اس محکمہ کو کافی احساس معلوم ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس محکمہ کی جانب سے جنگلاتی وسائل سے استفادہ کی بابت مختلف تجاویز حکومت اور اہل ملک کے سامنے پیش کی جارہی ہیں۔

۶۔ محکمہ علاج حیوانات وافزائش نسل مویشیاں | اس محکمہ کی جانب سے جانوروں کی صحت اور تندرستی کی تدابیر سے واقفیت پیدا کرانے کے علاوہ وہ طریقے بھی بتائے جاتے ہیں جن سے جانوروں کی کھال اور بال ونیز سینگوں سے متعدد مصنوعات بنتی ہیں اور آئندہ ان کی ترقی کے امکانات بتائے جاتے ہیں۔ اس محکمہ کی جانب سے جو شیرخانے ہیں ان کی افادیت اور اہمیت سے واقف بھی کرایا جاتا ہے۔

۷- محکمہ محابس سرکار عالی | حیدر آباد۔ ورنگل اور گلبرگہ کے محابس کی مصنوعات اپنی نفاست اور پائیداری کے لحاظ سے نمائش میں خاص مقبولیت رکھتی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ نمائش میں سب سے زیادہ مال محابس کے اسٹال کا فروخت ہوتا ہے۔ یہاں کے قالین اور چادریں خاص شہرت رکھتی ہیں اور شائقین بہت شوق سے ان کو خریدتے ہیں۔

۸- محکمہ دار الطبع | محکمہ دار الطبع کی جانب سے نمائش گاہ میں جو اسٹال قائم کیا جاتا ہے اس میں نہ صرف طباعت کے مختلف نمونوں کی نمائش کی جاتی ہے بلکہ وہ مختلف ٹائپ کے نمونے بھی دکھائے جاتے ہیں جو خود اس محکمہ میں ڈھالے جاتے ہیں۔ چنانچہ یہاں حسن طباعت کے ساتھ ساتھ صنعتی کام کا بھی مظاہرہ کیا جاتا ہے۔

اس محکمہ کی مطبوعات نفاست اور پاکیزگی کے لحاظ سے اپنا ثانی نہیں رکھتی ہیں۔

۹- محکمہ دار التالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ | جہاں طیلسانین عثمانیہ جامعہ عثمانیہ کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں وہاں دار التالیف و ترجمہ کی کتابیں وہ صحائف ہیں جن سے مملکت آصفیہ سے باہر بھی براہ راست علمی ضیا پاشیاں ہو رہی ہیں۔ نمائش گاہ میں ان کتابوں کی نمائش کا ایک مقصد یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ عمل سے علم اور علم سے عمل دور نہ رہے۔

محکمہ مذکور کی جانب سے اب تک جملہ فنون کی جن کتب کا ترجمہ کیا گیا ہے یا جو خود محکمہ کی جانب سے تالیف کی گئی ہیں اُن کا نہایت بہتر طریق سے مظاہرہ کیا گیا۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس قدر قلیل عرصہ میں ملک کی تعلیمی ترقی کہاں سے کہاں پہونچ گئی۔ اور جامعہ عثمانیہ کے قیام کے وقت جو توقعات قائم کی گئی تھیں وہ کس طور پر پوری ہو رہی ہیں چنانچہ علوم و فنون کو اپنی زبان میں لانے اور ملک میں اشاعت علم و ہنر کی یہ پہلی کوشش جو اس قدر بڑے پیمانہ پر ملک سرکار عالی میں کی گئی اس کے فوائد اور منافع سے اب نسل بعد نسل مستفید ہو رہی ہے اور بلحاظ افادہ و اہمیت و ضرورت یہ کام علمی دنیا میں ایسا عظیم الشان بن گیا ہے کہ اس کی نظیر ہندوستان میں کہیں نہیں پائی جاتی۔

بغرض اشاعت علوم و بنظر رفاہ عام مطبوعات کی قیمت میں بہت تخفیف کر دی گئی ہے اور عوام بھی اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

4*

۱۰۔ محکمہ اعداد شمار و مردم شماری۔ محکمہ اعداد شمار کا کام مردم شماری کے ساتھ ملک کے زرعی۔ تجارتی صنعتی اور معدنی اعداد کا جمع کرنا ہے اور ان کو اس طور پر اہل ملک کے سامنے پیش کرنا ہے جس سے ملک کی ہر جہتی ترقی کا ظہور ہو۔ چنانچہ نمائش کے موقع پر مولوی مظہر حسین صاحب ایم اے۔ بی ایس سی (اڈنبرا) ناظم اعداد شمار و کمشنر مردم شماری کے مرتبہ جو اعداد شمار ہمارے ملک کی تیس سالہ تدریجی ترقی سے متعلق مختلف جدول۔ نقشہ جات و گرافس وغیرہ کے ذریعہ پیش کئے گئے وہ نہایت ہی مفید اور کار گر ثابت ہوے۔

اس موقع پر ان نقشہ جات و گرافس وغیرہ کی تفصیل نہیں بیان کی جاسکتی لیکن متعلمین معاشیات و دیگر اہل فکر حضرات کے لئے ان کے ناموں کا اعادہ کیا جانا ضروری ہے تاکہ وقتاً فوقتاً محکمہ مذکور میں ان سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

ممالک محروسہ سرکار عالی کی شرح آبادی کا گراف، ممالک محروسہ سرکار عالی کی تعلیمی ترقی کا گراف، حکومت کے آمد و خرچ کا گراف، بارش۔ رطوبت اور حرارت کا گراف، اہم زرعی پیداواروں کے رقبہ زیر کاشت اور مقدار پیداوار کے مختلف گرافس، اشیاء تجارتی کی درآمد و برآمد کے گرافس۔

مذکورۂ بالا گرافس وغیرہ کے علاوہ محکمہ کی دہ سالہ، پنج سالہ، سالانہ، ماہانہ اور ہفتہ واری رپورٹیں اور موضع واری و ضلع واری گزیٹیر وغیرہ کی بھی نمائش کی گئی تھی جن کے اندر مملکت آصفیہ کے جغرافی، زرعی، صنعتی، تجارتی، معدنی، و تعلیمی المختصر ہر جہتی شعبہ جات کے تقابلی اعداد شمار موجود ہیں۔

۱۱۔ محکمہ معلومات عامہ۔ محکمہ معلومات عامہ کی جانب سے ایک اسٹال جنگ کے پروپگنڈے کی غرض سے نمائش گاہ میں قائم کیا جاتا ہے جس میں یہ بتایا جاتا ہے کہ حیدرآبادی سرمایہ سے خرید کردہ جنگی جہاز۔ ہوائی جہاز اور دیگر اسلحہ دشمن پر کاری ضرب لگانے میں کس طرح کامیاب رہتے ہیں چنانچہ اس کے ثبوت میں دشمن کی شکست خوردہ چیزوں کا عینی مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔

چونکہ موجودہ جنگ میں حیدرآباد کی مساعی کی بابت ایک مستقل عنوان کے تحت ہم علحدہ بیان کریں گے اس لئے یہاں معلومات عامہ کے اس اسٹال کا ذکر کردینا کافی ہے۔

واضح باد کہ محکمہ معلومات عامہ کے فرائض دوگونہ ہیں علاوہ جنگی اغراض کی تشہیر کے یہ محکمہ ملک کی ہر جہتی ترقی سے متعلق بھی جملہ محکمہ جات سرکار عالی کی سرگرمیوں کی کافی تشہیر کرتا ہے۔ چنانچہ دوران نمائش میں اس کی جانب سے سرکاری محکمہ جات کی کارگزاریوں کی بابت معلومات جمع کیئے جاتے ہیں اور محکمہ کی جانب سے مناسب طور پر ان کی نشر و اشاعت کی جاتی ہے۔

۱۲۔ محکمہ آثار قدیمہ و عجائب خانہ۔ | نمائش کے احاطہ میں آثار قدیمہ کی عمارت موجود ہونے کی وجہ سے اس محکمہ کی جانب سے کوئی نیا اسٹال قائم نہیں کیا جاتا ہے بلکہ عجائب خانہ ہی میں ان اشیاء کی خاص طور پر نمائش کی جاتی ہے جو مملکت آصفیہ کے قدیم ترین فنون اور صنعتوں سے متعلق ہیں۔ چنانچہ ایلورہ، اجنٹہ کی نقاشی اور بیدری ظروف کا جو منتخب ذخیرہ اس عجائب خانہ میں جمع کیا گیا ہے اس کی نظیر دنیا کے کسی عجائب خانے میں نہیں ملتی اسی طرح دکنی مکتب کی تصاویر اور قدیم اسلحہ بھی اپنی آپ نظیر ہیں۔ قرآن شریف کے نسخے خطاطی اور نقاشی کے لحاظ سے دنیا کے نوادرات میں شمار کیئے جاتے ہیں۔

"مسکی" (ضلع رائچور) کی کھدائی سے برآمد شدہ اشیاء دکن کے ماقبل تاریخ تمدن کا پتہ دیتی ہیں۔ اور اس سال یہ توقع کی جاتی ہے کہ "کنڈا پور" میں دو ہزار سال قدیم جوشہر دریافت ہوا ہے اس کے برآمد شدہ کچھ سامان کی بھی عجائب خانے میں نمائش کی جائے گی جس سے دکن کی قدیم صنعتوں کا عینی مشاہدہ کیا جاسکے گا۔

۱۳۔ محکمہ آبکاری | نمائش گاہ میں اس محکمہ کا نام سن کر عام طور پر یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید وہاں کوئی آبدارخانہ یا مئے خانہ قائم ہوا ہے لیکن اس محکمہ کے اسٹال میں یہ بتایا جاتا ہے کہ کس طرح الکحل سے مختلف ادویات تیار کی جاتی ہیں اور اسپرٹ و دیگر اشیاء کی تیاری میں اس کا استعمال ہوتا ہے اور کس طرح رفتہ رفتہ منشیات کو کم کیا جارہا ہے۔ اور صنعتی اشیاء تیار کی جارہی ہیں۔

۱۴۔ محکمہ ڈرینج | اس محکمہ کے اسٹال میں ڈرینج سے متعلقہ اشیاء کو یکجا جمع کر کے دکھایا گیا ہے جن میں سے اکثر اشیاء یہاں کے کارخانوں میں سمنٹ سے تیار شدہ ہیں۔ اس طرح جہاں یہ محکمہ صفائی اور صحت عامہ کے فرائض انجام دیتا ہے وہاں ملکی تیار شدہ اشیاء کے استعمال میں بھی ممد و معاون ہے۔

۱۰۔ محکمہ آبرسانی اضلاع | محکمہ ڈرینیج کی طرح محکمہ آبرسانی اضلاع کی جانب سے بھی ملکی اشیاء کے استعمال کا مظاہرہ کیا جاتا ہے ۔ اس کے ساتھ ہی یہاں یہ بتایا جاتا ہے کہ ہماری حکومت ملک میں آبرسانی کے لئے کیا کام کر رہی ہے ۔

۱۶۔ محکمہ آرائش بلدہ | تعمیر امکنہ اور شہر کی آرائش کا اگر ایک نظر میں اندازہ کرنا ہو تو محکمہ کے تیار کردہ نمونے کے گھر دیکھے جاسکتے ہیں ان کے ساتھ قدیم وضع کے محلوں کے نقشے قدیم وجدید حیدرآباد کا مقابلہ کرنے کا کام دیتے ہیں اور ان سے شہر حیدرآباد کی تدریجی ترقی معلوم ہوسکتی ہے ۔

۱۷۔ محکمہ آرائش اضلاع | اضلاع میں شہروں کی آرائش کا جو کام ہو رہا ہے اس کی کیفیت اس محکمہ کے پیش کردہ نمونوں اور خاکوں سے معلوم کی جاسکتی ہے ۔ اور بالخصوص آصف آباد اور بودھن کی جدید بستیوں کی مجوزہ اسکیمیں نقشوں کے ذریعہ واضح کی گئی ہیں ۔

۱۸۔ محکمہ صحت عامہ و حفظان صحت | اس محکمہ کا اگرچیکہ صنعت وحرفت سے راست تعلق نہیں ہے لیکن صنعتی ترقی کے لئے لوازم کارکردگی میں صحت و تندرستی کو جو اہمیت حاصل ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ چنانچہ نمائش کے موقع پر اس محکمہ کی جانب سے اس کا پروپگنڈا بے محل نہیں معلوم ہوتا ۔

۱۹۔ محکمہ بلدیہ | محکمہ صحت عامہ کی طرح محکمہ بلدیہ کے فرائض بھی بہت اہم ہیں اور نمائش کے موقع پر عوام کو ان سے واقف کرایا جانا لازمی ہے ۔

نمائش میں محکمہ کی جانب سے جن چیزوں کی نمائش کی جاتی ہے ان میں پانی کے مقامات اور مکانوں کی صفائی پر کافی زور دیا جاتا ہے اور اسی طرح اشیاء فروختنی کو صاف رکھنے کے طریقوں کا مظاہرہ کیا جاتا ہے ۔

محکمہ بلدیہ اور اراکین بلدیہ کی جانب سے نمائش کے انعقاد کے سلسلہ میں جو عملی اور رقمی تعاون کیا جاتا ہے وہ بھی قابل ذکر ہے ۔

علاوہ ازیں عثمانیہ بلدی جماعت کی جانب سے نمائش ہی کے دوران میں نمائش اطفال بھی کی جاتی ہے ۔

۲۰۔ باغ عامہ | باغ عامہ میں احاطہ نمائش کے اندر باغ عامہ کا اسٹال ہر سال قائم

کیا جاتا ہے گویا ایک آئینہ کے اندر آئینہ سے باہر کے منظر کو دکھانے کی کوشش کی جاتی ہے اور باغ عامہ کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نمائش کے لئے بھی باغ عامہ سے موزوں کوئی اور مقام نہیں ہوسکتا۔

۲۱۔ محکمہ ریلوے | محکمہ ریلوے کی جانب سے نمائش کو کامیاب بنانے کی ممکنہ سعی عمل میں لائی جاتی ہے۔ ہر سال محکمہ مذکور کی جانب سے نمائش کا کافی پروپگنڈہ کیا جاتا ہے۔ اور نمائش میں شریک ہونے والے صناعوں کو مختلف قسم کی سہولتیں بہم پہونچائی جاتی ہیں۔

احاطہ نمائش میں اس محکمہ کا ایک اسٹال بھی قائم ہوتا ہے جس میں ریلوے کی طبع شدہ مطبوعات رکھی جاتی ہیں و نیز حیدرآباد کے بعض اہم اور دلفریب مناظر بتائے جاتے ہیں۔ ابتک نمائش کے باب الداخلہ میں اس کا مظاہرہ ہوتا تھا اب اندرون احاطہ یہ قائم ہو رہا ہے۔ اور اس کی جگہ اب محکمہ اعداد شمار نے لی ہے۔

۲۲۔ دیگر سرکاری محکمہ جات | دیگر سرکاری محکمہ جات میں محکمہ برقی۔ ٹیلیفون اور پولیس وغیرہ کی جانب سے بھی مختلف طور پر ان کے کاموں کا مظاہرہ ہوتا ہے اور مجلس نمائش کو ان کے اشتراک عمل سے کافی مدد ملتی ہے۔ اسی طرح انجمن ترک مسکرات۔ انجمن انسداد ایذ ارسانی وغیرہ کے اسٹالوں کے ذریعہ بھی بالواسطہ طور پر اس امر کی کوشش کی جاتی ہے کہ عوام فضولیات سے بچ کر محنت اور کاریگری کی طرف راغب ہوں۔

ملک کی دو بڑی صنعتیں

تاج کلے ورکس محدود

تاج گلاس ورکس محدود

عابد شاپ۔ حیدرآباد

محکمہ اعداد و شمار سے صناع کیا معلوم کرسکتے ہیں ؟

(الف) ممالک محروسہ میں روئی کی پیداوار	۰½ لاکه گٹھے
روئی کی برآمد	۴ کروڑ ۷ لاکه روپے یا ۴ لاکه گٹھے
روئی کے پارچہ جات کی درآمد	۲ کروڑ روپے
روئی کے دھاگہ کی درآمد	۰۳ لاکه روپے
(ب) ممالک محروسہ میں روغن تخم کی پیداوار	۳ لاکه ٹن
روغن تخم کی برآمد	۴½ کروڑ روپے
روغنیات کی برآمد	ایک کروڑ ۱۱ لاکه روپے
(س) صابون کی درآمد	۴ لاکه روپے

مندرجہ بالا اعداد سے معلوم ہوسکتا ہے کہ ہمارے ملک کی خام پیداوار کو کسقدر مقدار میں مصنوعات کی شکل میں تبدیل کیا جاسکتا ہے ۔

محکمہ اعداد و شمار سے کاشتکار کسطرح مستفید ہو سکتے ہیں؟

اشیاءے خام	قیمت در آمد بابتہ سنہ ۱۳۴۹ف
چاول	۱۰۶ لاکھ روپے سکہ عثمانیہ
گیہوں	۱۴ "
جوار	۵ "
دیگر اناج	۵ "
شکر	۴۶ "
گڑ	۳۱ "
میوے و ترکاریاں	۵۰ "
گھی اور مسکہ	۸ "
مسالہ	۴۱ "
نباتاتی روغنیات	۱۷ "
حیوانات	۱۶ "
میزان	۳۵۹ لاکھ روپے سکہ عثمانیہ

مندرجہ بالا اعداد سے ظاہر ہوتا ہیکہ بیرونی غلہ کی در آمد سے مستغنی ہونے کے لئے ابھی ہمارے ملک میں ۳۵۹ لاکھ روپے کی حد تک مزید زرعی پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

مجلس نمائش کا سوال بند

اور

ہمارے صناعوں کی حقیقی مشکلات کا حل

سوال بند کی نوعیت اور اُس کا مقصد

صناعوں کی حقیقی مشکلات معلوم کرنے اور ان کی اصلاح اور ترقی کے امکانات پر غور کرنے کے لئے به دوران نمائش یه ضروری خیال کیا گیا که ان سے تفصیلی حالات دریافت کئے جائیں ۔ اس غرض سے ایک تفصیلی سوال بند مرتب کرنے کا کام بھی میرے سپرد کیا گیا ۔ چنانچه مختلف امور کا لحاظ کرتے ہوئے (۴۲) بیالیس سوالات پر مشتمل ایک سوال بند پمفلٹ کی صورت میں مرتب کیا گیا ۔

اس سوال بند میں جن امور کی بابت خاص طور پر سوالات کئے گئے هیں ان کی اجمالی تقسیم حسب ذیل ھے :-

(۱) ۔ صناعوں کے سرمایه کی نوعیت ۔ آیا وہ ذاتی سرمایه ھے یا مشترکه ۔ سرکار یا غیر سرکاری طور پر کس قسم کی رقمی امداد ملتی ھے ۔

(۲) ۔ مصنوعات کے لئے کس قسم کی خام پیداوار کی ضرورت ہوتی ھے اور وہ کہاں سے اور کس طرح دستیاب ہوتی ھے ۔

(۳) ۔ کام کرنے کے لئے ماهرین فن کی امداد ملتی ھے یا نہیں اور ماهر مزدوروں کی فراهمی کا کیا انتظام ھے ۔

(۴) ۔ تیار شدہ مال کے فروخت کا کیا انتظام ھے اور بازارات کی کسقدر وسعت ھے ۔

(۵) ۔ بیرونی مال سے کس قسم کی مسابقت ہورهی ھے ۔

(۶) ۔ جنگ کے شروع ہوجانے سے کیا اثرات مرتب ہورھے هیں ۔

(۷) ۔ نمائشوں کی وجه سے کیا فائدہ پہونچ رہا ھے ۔

(۸) ۔ آئندہ ترقی کیلئے کن خاص چیزوں کی ضرورت ھے ۔

سوال بند کے جوابات کس طرح قلمبند کئے گئے

ان سوالات کی بابت تفصیلی جوابات حاصل کرنے کا کام بہت دقت طلب تھا خصوصاً اس وجہ سے کہ نمائش میں جن صناعوں نے حصہ لیا تھا ان میں سے اکثر صناع اس قدر تعلیم یافتہ نہ تھے کہ وہ خود اپنے مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے جوابات تحریر کرتے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ہر ایک صناع کو بالمشافہ طور پر سوالات سمجھائے گئے اور ان سے جوابات حاصل کرکے ان کے سامنے ہی ان کو قلمبند کیا گیا۔ اس کام میں جامعہ عثمانیہ کے معاشیات کے معلمین و متعلمین نے بھی کافی مدد دی۔

سوال بند کے جوابات

اس طور پر نمائش کی پیش شدہ صنعتوں اور مظاہرین سے متعلق کافی مواد مہیا کرلیا گیا ہے لیکن اس کی ترتیب اور اشاعت کا مرحلہ باقی رہگیا ہے جو بطور خود ایک مستقل کام ہے۔ فی الوقت ان جوابات کے سرسری مطالعہ سے جو نتائج اخذ کئے گئے ہیں اُن کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔

(۱)۔ مالی لحاظ سے ہمارے صناعوں کی حالت بہت سقیم ہے۔ تقریباً ۸۰ فیصدی صناع ایسے ہیں جو نہایت قلیل انفرادی سرمایہ سے کام کرتے ہیں۔ مشترکہ یا امداد باہمی کی انجمنوں سے وہ بہت کم مستفید ہوتے ہیں۔

(۲)۔ خام پیداواروں کی فراہمی کا کوئی معقول انتظام نہیں ہے اور بالخصوص بافندوں کو اس زمانے میں سوت اور رنگ وغیرہ کا نہ ملنا بہت اہم سوال ہوگیا ہے۔

(۳)۔ تیار شدہ مال کی نکاسی کے لئے کوئی معقول بازارات نہیں ہیں۔ صناعوں کو اپنا مال خود تیار کرکے خود ہی فروخت کرنا ہوتا ہے۔ ان کے مال کو خریدنے کے لئے درمیانی ایجنسیاں بہت کم ہیں۔

(۴)۔ بیرونی مال سے ہمیشہ مسابقت ہوتی رہتی ہے اور تامینی محاصل نہ ہونے کی وجہ سے ان کو کسی قسم کی ترقی کا موقع نہیں ملتا۔

(۵)۔ فن داں مزدور یا ماہرین سے استفادہ کے بہت کم مواقع ہیں۔ جس کی وجہ سے کام میں ندرت یا جدت پیدا نہیں ہوتی۔

(۶)۔ ملکی مصنوعات کے لئے مملکت آصفیہ سے باہر فروخت کا کوئی باضابطہ انتظام نہیں ہے۔

غرض یہ وہ عام شکایتیں ہیں جو سوال بند کے جوابات میں ظاہر کی گئیں ہیں اور حکومت اور اہل ملک کو ان کے رفع کرنے کے لئے فوری اور ممکنہ سعی کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کی بابت مزید تفصیلات معاشی کمیٹی کی دیگر اشاعتوں میں دی جائینگی۔

دنیا کی

اعلی درجہ کی نفیس ونازک چوڑیاں

حاجی شیخ بالے (طلائی تمغہ یافتہ)

لاڈ بازار

فروخت کرتے ہیں

اسکا ثبوت

نمائش گاہ کے اسٹال نمبر ع ۱۸ پر تشریف لانے سے ملیگا۔

ملکی صنعتوں کو

فروغ دینا

آپکا

ملکی اور اخلاقی

فرض ہے

آپکو چاہئیے کہ آپ ہر حالت میں اپنے فرض کو ادا کرنیکی ممکنہ کوشش کریں۔

هوم انڈسٹریز لمیٹڈ

آپکے آگے ملک کی بہترین اور عمدہ صنعت

"سواستک بیڑی"

کو پیش کرتے ہیں۔ جو لطف اور بناوٹ میں ہندوستان کی اعلی ترین بیڑیوں کے مقابل کسی حال بھی پیچھے نہیں۔ آپ اپنے قریب کے دوکاندار سے مطالبہ کیجئے کہ وہ آپکو بھی بیڑی دے۔ چونکہ اس بیڑی کی تیاری کیلئے وہ اعلی ترین تمبا کو استعمال کیا جاتا ہے جو اچھے سے اچھے سگریٹ میں شریک ہوتا ہے۔

اب حیدرآباد میں بھی

آپ متمدنہ ممالک کی طرح اپنے

قیمتی سے قیمتی

اولن۔ سلک۔ جارجٹ

چک اور بنارس

وغیرہ

کے کپڑوں کو الکٹرک کی اعلی ترین مشنریوں کے ذریعہ صرف چند گھنٹوں میں نہایت عمدہ اور نفیس طریقہ پر دھلوا سکتے ہیں۔ چونکہ

جوبلی الکٹرک لانڈری لمیٹڈ

نے آپ کے لئے وہ ساری سہولتیں مہیا کردی ہیں جو صرف بمبئی۔ کلکتہ وغیرہ ہی میں موجود ہیں۔

اس کا صدر شوروم

عابد روڈ

پر واقع ہے آپ اپنی پہلی ضرورت کے وقت اس کے ماہرین کو اپنی بہترین خدمات کے پیش کرنیکا موقع دیجئے۔

مرکزی مدرسہ فنون لطیفہ و دستکاری

تاریخ منظوری اسکیم	–	۱۰- آذر سنہ ۱۳۵۰ف
تاریخ آغاز کار	–	ماہ فروردی سنہ ۱۳۵۰ف
افتتاح میقات	–	۱۶- امرداد سنہ ۱۳۵۰ف

(عالیجناب رائٹ آنریبل سر اکبر نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدر اعظم بہادر وقت نے افتتاح فرمایا۔)

اغراض

مرکزی مدرسہ کے بنیادی مقاصد دو ھیں۔ ایك ثقافتی اور دوسرا معاشی۔ فنون لطیفہ کو ہر متمدن قوم کی نفسیات روایات تاریخ اور ثقافت سے گہرا تعلق ھے۔ انہیں قومی خصوصیات کو اوجاگر کرنا اور حسن کارانہ اشکال میں دنیا کے سامنے اس طرح پیش کرنا جو جاذب نظر اور اثر آفریں ھو فنون لطیفہ کا کام ھے۔ قدیم ہندوستانی آرٹ کو دوبارہ زندہ کرنا اور اس کی حفاظت موجودہ زمانہ کے مہمات میں سے ایك مہم ھے۔ اس مہم کو خاطر خواہ طور پر سر کرنا مرکزی مدرسہ کا ثقافتی مقصد ھے۔

مرکزی مدرسہ کا دوسرا مقصد معاشی ھے۔ وہ یہ ھے کہ مندرجہ بالا آمور جن کا تعلق آرٹ کی روح سے ھے ان کو (Applied Art) (عملی آرٹ) اور (Commercial Art) (تجارتی آرٹ) کی صورت میں ظاہر کرنا۔ موجودہ تجربہ یہ ھے کہ کسی قوم کے ذرائع معاشی کی

مرکزی مدرسہ ظاہر ہے کہ ایک تعلیمی ادارہ ہے اور تا بعد استعداد و شوق طالب علموں کو متعلقہ فنون و دستکاریوں میں ماہر بنا سکتا ہے۔ لیکن کام یہیں ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس کے لئے ضرورت ہے کہ اہل ملک اس طرف زیادہ سے زیادہ متوجہ ہوں۔ کثیر تعداد میں تعلیم حاصل کر لیں اس کے بعد ان دستکاریوں کو قیام کارخانہ جات اجرائی کاروبار وغیرہ کی صورت میں فروغ دیں۔ پھر ان کاروبار کو پیمانہ صغیر سے پیمانہ کبیر پر ترقی دیں تو یقین ہے کہ حصول معیشت کی دشواریاں رفع ہوں اور ملک کی ثروت میں اضافہ ہو۔ فقط

ز۔ زنانہ پارچہ اسٹور

پردہ نشین خواتین کی سہولت کے لئے جہاں فیشنبل ساڑیاں۔ بلوز شوز۔ چپل۔ قور۔ چوڑیاں۔ ہر قسم کا پارچہ وغیرہ اپنی پسند سے خریدا جاسکتا ہے۔

پتہ

روبرو پچھلی گیٹ باغ عامہ احاطہ ین۔ اے۔ خان فون (۳۳۱۲)

ہماری حکومت

غریبوں اور جز معاش طبقہ کیلئے کیا کررہی ہے؟

آقائے ولی نعمت کی حکومت عوام کی بہبودی اور فلاح کے لئے جو کار ہائے نمایاں انجام دے رہی ہے اس سے نہ صرف برطانوی باشندوں نے واقف ہونے سے غفلت برتی ہے بلکہ خود حیدرآباد کے باشندوں نے بھی اس کو خاطر خواہ محسوس نہیں کیا جو باعث صد افسوس ہے۔

حکومت حیدرآباد کا ہر محکمہ عوام کی بھلائی اور ان کے لئے زیادہ سے زیادہ آرام اور مسرت مہیا کرنے کی خاطر اپنی پوری قوتوں سے سرگرم عمل ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس خصوص میں ہماری بعض مشکلات اور خامیاں بھی نظر انداز نہیں کی جاسکتیں۔ لیکن پھر بھی ہم یہ بجا طور پر کہہ سکتے ہیں کہ ہماری حکومت نے دیہات اور چھوٹے چھوٹے قصبات میں رہنے والے غریبوں کے لئے "جو رفاہی کام" اب تک انجام دئے ہیں اس کی مثال ہندوستان کی کسی اور ریاست میں مشکل ہی سے مل سکتی ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ اس سے بھی کہیں بڑھ کر "پبلک" کے لئے مزید سہولتیں بہم پہنچائی جارہی ہیں۔

قطع نظر دوسرے محکموں کے صرف محکمہ طبابت ہی کو لیجئے جو کہ ہر سال انگنت مقامی اور اضلاعی ہسپتالوں اور دواخانوں پر ایک وسیع رقم خرچ کرتا ہے۔ اور عوام کی "طبی امداد" کےلئے ممکنہ سہولتیں بہم پہنچانے میں خاص دلچسپی لیتا ہے۔ اب اس محکمہ نے گاؤں میں عوام کی فوری "طبی امداد" کی خاطر (Medical chests) یعنی "ادویاتی ڈبوں" کی خدمات حاصل کی ہیں اور یہ "ادویاتی ڈبے" ہم بھی بہم پہنچاتے ہیں۔ اور ہم نے ان ادویاتی ڈبوں کو اس نہج سے تیار کیا ہے کہ یہ ہر طبقہ کے لئے یکساں مفید اور کار آمد ثابت ہوسکتے

هیں - ان میں کا ہر " ڈبہ " ہر گھر کے لئے ایک مکمل دواخانہ کا کام دے سکتا ہے - اور اب ہر گھر ۸/ سے لیکر چودہ روپے قیمت تک کا ایک " مکمل دواخانہ " اپنے پاس رکھہ سکتا ہے -

۸/ والا " ادویاتی سیٹ " ۱۲ سے لیکر ۲۰ مریضوں کے لئے طبی امداد بہم پہنچاسکتا ہے - اور دوسرا جو دو روپیہ ۸/ قیمت کا ہے وہ ایک سو مریضوں کے لئے کافی ہے - اور پورے ایک سال تک ایک شہر کے لئے مکمل دواخانہ کے فرائض انجام دے سکتا ہے - چلر شیشیاں اور دیگر ادویات بھی ایک آنہ سے لیکر ایک روپیہ ۱۲/ تک کی قیمتوں میں نمونوں اور سائزوں کے لحاظ سے ملسکتے ہیں - اور ساتھ ہی ترکیب استعمال کا کتابچہ بھی آٹھہ زبانوں میں ملیگا -

کیوں نہیں آپ بھی ایک ایسا ہی مکمل دواخانہ اپنے گھر میں رکھ لیتے

جو آپکی

دولت - پریشانی اور وقت کو صحیح طور پر بچاسکتا ہے -

ہم نے محض عوام کے استفادہ کی خاطر حیدرآباد اور سکندرآباد کی قریباً دو ہزار دوکانوں میں (جن میں ہوٹلیں وغیرہ بھی شریک ہیں) ان ہی ادویات کے ایک ایک آنے والے پیکٹ فروخت کے لئے رکھا دئے ہیں -

جے - اینڈ جے ڈی شین

قریب ساگر ٹاکیز شاہراہ عثمانی حیدرآباد

(پبلسٹی)

مصنوعات سمستان امر چنتہ

پارچہ بافی :- یہاں زرین ریشمی اور سوتی پارچہ بافی کا کام بڑے پیمانہ پر ہوتا ہے ارزاں اور قیمتی ساڑیاں بہت مشہور ہیں جو قدیم اور جدید الوضع تیار ہوتی ہیں عالیجنابہ والیہ سمستان نے پارچہ بافان کو ضروری امداد دیکر صنعت پارچہ بافی کو فروغ دیا ہے ۔

کمل بافی :- زمانہ قدیم سے یہاں کی کمبل بافی مشہور ہے سمستان ہذا کے بہت سارے مواضعات میں یہ کام ہوتا ہے اب معمولی کملوں کے سوائے بہترین کمل وبلا نکٹ بھی ولایتی ڈزاین کے تیار ہورہے ہیں ۔ اور حال ہی میں سر رشتہ صنعت وحرفت سرکار عالی کی فرمائش پر سپاہیان جنگ کیلئے ہزارہا کی تعداد میں مہیا کرکے بھیجی گئیں جو بہت پسند ہوئیں ۔

بیڑی سازی :- سمستان میں کئی مقامات پر بیڑی سازی کے بڑے کارخانے قایم ہیں جہاں ہزارہا آدمی کام کرتے ہیں مال کی عمدگی کے لحاظ سے صرف علاقہ سرکار عالی ہی میں نہیں بلکہ علاقہ سرکار عظمت مدار میں بھی نہایت قدر سے خریدی جاتی ہیں ۔

پاتابہ سازی :- یتیم خانہ سمستان امر چنتہ میں پاتابے بنین ناڑے گلوبند اور آھنی ردی داں بہت عمدہ تیار ہوتے ہیں ۔

بسکٹ سازی :- یہاں آرڈر پر اچھے بسکٹ وغیرہ تیار ہوتے ہیں جو نہایت خوش ذائقہ اور لذیذ ہوا کرتے ہیں اسکی تیاری میں اس بات کی پوری احتیاط کی جاتی ہے کہ مذہبی حیثیت سے اس میں کوئی قابل اعتراض چیز شامل نہو ۔

عرقیات ومرکبات یہاں کے قابل ویدوں کے ذریعہ جنکوڈاکٹری کا بھی کافی تجربہ ہے ۔ جنکو آل انڈیا نمائش اور حیدرآباد کے طبی کانفرنس وغیرہ سے اعلی اسناد عطا فرمائے گئے ہیں اور جو طبی امتحانات کے ممتحن بھی رہ چکے ہیں کئی عرقیات ومرکبات اور ادویہ یہاں تیار ہوتے ہیں عطر ۔ تیل ۔ اسنو وغیرہ بھی بنتے ہیں جو اپنی خوبی وقیمت کی وجہ پسندیدہ عام ہیں ۔

گھریلو صنعتیں سوزن کاری میں ریشمی سوتی اور کروشیا کا کام بہتر

ہوتا ہے چنانچہ سالگزشتہ کی نمائش میں دستیاں کروشیا کی اشیاء قفل والی تھیلیاں کافی تعداد میں فروخت ہوئی ہیں۔

متفرق:۔ چاندی اور سونے کے زیورات ظروف فرنیچر اور بھی کئی متفرق اشیاء اچھے نمونہ کے بنتے ہیں سال سنہ ۱۳۵۰ف کے نمائش میں منجانب مجلس نمائش معاشی کیٹی تمغہ طلائی اور نقروی کپ عطا فرمایا گیا سال حال کی نمائش میں بھی سمستان ھذا کی مصنوعات کا اسٹال قائم ہوا ہے امید کہ شایقین اور ملکی صنعت کے قدرداں اصحاب دیہاتی صناعوں کی ضرور حوصلہ افزائی فرمائینگے۔

ہندستانی ادب

ایک علمی ادبی ماہوار رسالہ ہے جس میں تحقیقی مقالے، اعلی پایہ مضامین، معیاری افسانے اور ڈرامے نیز کیف آور نظمیں شایع ہوتی ہیں اس رسالے کا مطالعہ ہر علم دوست شخص کے لئے ضروری ہے۔ اس کی اشاعت کثیر تعداد میں ہوا کرتی ہے۔ اس میں اشتہار دے کر تاجر اپنی تجارت کو فروغ دے سکتے ہیں مضامین کے بارے میں ایڈیٹر کو اور دوسرے امور میں مینیجر کو مخاطب کیا جائے۔جواب طلب امور کے لئے ٹپے کے ٹکٹ ضرور بھیجئیے ورنہ جواب میں تامل ہوگا۔قیمت ایک پرچہ (۶) آنے چندہ سالانہ (۴) روپے مینیجر ہندستانی ادب۔ چنچلگوڑہ حیدرآباد دکن۔

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

شعبه جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

سنه ۱۳۴۸ف سے سنه ۱۳۵۰ف تک جو نمائشیں ہوئی ہیں اُن کی نوعیت واری فہرست درج ذیل کی جاتی ہے جس سے اندازہ کیاجاسکتا ہے کہ اس نمائش میں کتنے اقسام کی مصنوعات کا مظاہرہ کیا گیا ہے اور اس کو کسقدر وسعت حاصل ہوگئی ہے - ہمارے پاس ان میں سے ہر نوعیت کی مصنوعات کی بابت کافی مواد جمع ہوگیا ہے جن کا تذکرہ آئندہ مختلف رسائل کی صورت میں کیا جائے گا فی الوقت ان کی ایک ترتیب وار فہرست پر اکتفا کیا گیا ہے -

نشان سلسله	نام اسٹال یا کارخانه	تفصیلی پته	سرمایه مشغوله	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

(۱) - سنگ مرمر

سنگ مرمر کے برآمد کرنے کے لئے ایک مشترکه سرمایه دار کمپنی پانچ لاکھه کے سرمایه سے قایم ہے پہلی نمائش میں اس کمپنی کی جانب سے نمائش میں سنگ مرمر کی اچھی قسم کے نمونے لائے گئے تھے - اور ان کی کافی شہرت ہوئی - لیکن اس کے بعد سے اس کمپنی کا سامان نمائش میں نہیں لایا گیا -

۱	دکن ماربل کمپنی	یلندو (سنگارینی)	سرمایه مجوزه	۵ لاکھه ہے	مختلف اقسام سنگ مرمر جو کتبوں وغیره کے علاوه جالیاں اور میزوں وغیره کیلئے استعمال ہوتا ہے -

(۲) - سمنٹ کے کام (الف)

شاہ آباد میں سمنٹ کا ایک زبردست کارخانہ قائم ہے اور لاکھوں ٹن میں اس کی برآمد ہوتی ہے یہ صنعت حیدرآباد بر پیمانہ کبیرصنعتوں میں شامل ہے -

۱	خان بہادر احمد علاءالدین اینڈ سنس	سکندر آباد	۵ ہزار	۱۵ مرد ۳۰ عورتیں	سمنٹ اور کنکریٹ کے کام - سمنٹ کے کنڈے - پائپ - چھت - فرش سمنٹ پالش رنگیں - قنادیل - کھمبے - فرنیچر وغیرہ
۲	ریاض, اسلام فیکٹری مالک کارخانہ خواجہ معین الدین صاحب	کاچی گوڑہ		,,	,, ,,
۳	مسرس دادا بھائی کمپنی	سکندر آباد		,,	,, ,,
۴	انسیلکریٹ اسٹال			,,	,, ,,
۵	مسرس پریم جی لال جی	مکرم جاھی روڈ		,,	,, ,,
۶	بی - یس راٹھور چارمینار ٹائل ورکس	مٹی گڈہ سکندر آباد	۳۰,۰۰۰	۲۰ مرد ۳۵ عورتیں	ہرقسم کے سمنٹ کانکریٹ خورد سمنٹ ٹائلس وغیرہ - آر - سی - سی - کے ورکس

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	٦
		سرامک ورکس (ب)			
۱	تاج گلے ورکس محدود منیجنگ ڈائرکٹر تجمل حسین صاحب	مصطفٰے بازار حیدر آباد	پانچ لاکھ	۳۰۰	اینٹیں اور روغنی ظروف
		(۳) پارچہ بافی			
۱	عثمان شاہی ملز		ایک کروڑ روپیہ	ایک ہزار	سوتی کپڑا - چادر - دھوتی - قمیص کا کپڑا
۲	اعظم جاہی ملز	ورنگل	اٹھارہ لاکھ روپیہ	ایک ہزار	,, ,,
۳	کارخانہ ہمرو - کمخواب اورنگ آباد	مالک حاجی غلام احمد صاحب اورنگ آباد	تقریباً دس ہزار روپیہ	۲۵ مرد ۲۵ عورتیں ۲۰ بچے	ہمرو - مشروع - کمخواب و سلک وغیرہ

۴	اورنگ آباد سلک ملز	عبدالحمید خاں صاحب اورنگ آباد ـ شاخ پتھرگٹی حیدر آباد		۲۵ مرد ۲۵ عورتیں بچے	ہمرو ـ مشروع ـ سلک وغیرہ
۵	بشیر سلک فیکٹری	اورنگ آباد			
۶	محمد وزیر عبدالغنی کمخواب فیکٹری	اورنگ آباد			" " "
۷	ہاشمی ہوزری فیکٹری	میر محمد علی ـ محبوب مہندی حیدر آباد	۱۸ ہزار	۳۰ مرد ۵ بچے	پائتابے ـ سوئٹر ـ بنیان وغیرہ
۸	ملکی ہوزری فیکٹری	حبیب الرحمن صاحب		"	" " "
۹	آر ـ آر جیون لال جیون ٹکسال ورکس	پتھرگٹی	۵۰ ہزار	۳۰ مرد ۲۰ عورتیں	سلک کی ساڑیاں ـ شرٹنگ ـ [illegible] اسٹاکنگ وغیرہ
۱۰	سوجت رائے گلاب رائے	پتھرگٹی	ایک لاکھ ۵۰ ہزار روپیہ	۵۰ مرد ۵ عورتیں	سلک کی ساڑیاں ـ سلک برائے قمیص ـ شیروانی جالی مختلف اقسام
۱۱	سلک ملز	متصل جعفر دروازہ اورنگ آباد	۵۰ ہزار روپیہ	۵۰ مرد	آرات سلک ـ سوت اسپیل فبر ـ مصرائی اصلی ریشم اون وغیرہ
۱۲	ایم ـ یتں ملز مشیر آباد	سوجت رائے گلاب رائے پتھرگٹی	ڈیڑھ لاکھ روپیہ	۵۰ مرد ۵۰ عورتیں	" "
۱۳	بی ـ ڈبلیو ملز	سلطان بازار		۵۰ مرد ۵۰ عورتیں	" "

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کار خانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱۴	محمد سلیمان بنارسی کاریگر	لاڑ بازار	۲ ہزار روپیہ	۳ مرد ایک عورت	ہمہ اقسام سلک و زرین پارچہ وغیرہ

(۴) - قالین بافی

ورنگل میں ایک سرکاری قالین کا کارخانہ ہے اور وہاں کے محبس میں اس کا کام ہوتا ہے جو اپنی نفاست کے لحاظ سے بے نظیر ہے - اسی طرح دیگر محابس میں یہ کام ہوتا ہے - مقامی طور پر ورنگل میں بہت کثرت سے لوگ اس کا کام کرتے ہیں - نمائش میں جو کاریگر شریک ہوتے ہیں ان کے نام ذیل میں درج ہیں -

۱	حسین خان ولد جہانگیر خان قالین باف	شادنگر	ماہانہ ۳۰ روپیہ	حسین خان صرف	قالین - جائے نماز - تھیلی
۲	محمد عثمان قالین باف	سرو نگر			

(۵) - چوبی کام اور فرنیچر

ملک کے فرنیچر بنانے کے کثرت سے کارخانے قائم ھیں - لیکن ان میں کوئی کارخانہ بھی ایسا نہیں ہے جہاں بر پیمانہ کبیر کام ھوتا ہے - علاوہ ازیں اچھی قسم کی لکڑی استعمال کرنے کی جانب بھی کافی توجہ نہیں کی گئی ہے - محکمہ جنگلات کی حالیہ اسکیموں کے تحت توقع ہے کہ یہ صنعت کافی ترقی کریگی -

۱	انجمن خادم المسلمین	کاچی گوڑہ		۲۸۰ طلباء	
۲	الیس الغرباء	نام پلی	۲ هزار روپیه	۱۶۰ بچے ۴۰ لڑکیاں	فرنیچر - بید کا سامان اسپرنٹنگ وغیرہ
۳	محمد عبدالکریم تاجر گورنمنٹ کنٹراکٹر	چنچل گوڑہ	۶ هزار روپیه	۲۵ آدمی	همه اقسام فرنیچر - هولڈر - رول - لیٹر فائل هولڈری - کیس - کشتی وغیرہ
۴	محبوب علی و عثمان علی	چمن افضل گنج روڈ	۷۰۰ روپیه	۱۲ آدمی	بید کا ٹیبل لیمپ - سیڑسیٹ - صوفہ سٹ - ٹیفن باکس - سیڑٹیبل بید کی کشتیاں وغیرہ
۵	ظہیر اینڈ کمپنی	مالک ظہیرالدین صاحب			شیشم کی لکڑی کا کام
۶	جدید اینڈ کمپنی	مالک سجاد حیدر صاحب			
۷	مالک محمد ابراهیم	مشیر آباد روڈ	۶-۷سو روپیه	۷ لڑکے	بید کی کرسیاں - هاتھی دانت اور لکڑی پر نقش وغیرہ

(۶) - چرمی سامان

۱	انجمن خادم المسلمین	کاچی گوڑہ حیدر آباد	۲ هزار	۲۰ طلباء	چمڑے کے صندوق اور پاپوش وغیرہ
۲	یتیم خانہ انیس الغرباء	نام پلی	۲ هزار	۱۶۰ بچے ۴۰ لڑکیاں	" "

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کار خانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	٦
۳	عثمانیہ لیدر ورکنگ اسکول	نام پلی	۵ ہزار	۲۵ طلباء	شوز ۔ سوٹ کیس اور جملہ لیدرگڈس
۴	سرونگر وکٹوریہ موریل آرفینج	سرونگر			,, ,,
۵	نذر احمد ولد محمد احمد صاحب	اقبال لیدرورکس پتھرگٹی		۴ مرد ۸ بچے	چرمی سامان کا کارخانہ سنہ ۸ ۱۳ف میں قائم ہوا ۔
۶	میراں محی الدین صاحب	مصطفےٰ بازار	۴,۰۰۰		

(۷) ۔ سگریٹ و بیڑی سازی

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کار خانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	چارمینار سگریٹ فیکٹری کمپنی	مشیر آباد			
	گولکنڈہ ,, ,,	,,			
۳	سلور جوبلی بیڑی	نظام آباد			
۴	برق قوام				
۵	عبدالغنی بیڑی فیکٹری	یادگیر			

(۸) - دیاسلائی

حیدر آباد میں دیا سلائی کے کارخانے سنہ ۱۳۳۷ف سے قائم ہونا شروع ہوئے اور اب ملک میں ان کی کافی تعداد ہوگئی ہے۔ البتہ عامّہ میں انہوں نے زیادہ حصہ نہیں لیا -

۱	برزوجی پستنجی مالک عثمانیہ میاچ فیکٹری	مشیر آباد روڈ	۲ لاکھہ پچاس ہزار	۳۰۰	اس کارخانہ میں ملکی پودینہ سے دیاسلائی بنائی جاتی ہے
۲	وشنو میاچ فیکٹری				

(۹) - صابن سازی

کچھہ عرصہ قبل حیدرآباد میں بہت اچھی قسم کا صابن تیار ہوتا تھا جس کے لئے ایک سرکاری کارخانہ قائم تھا لیکن یہ بند ہوگیا اور اب چند معمولی کارخانے کام کررہے ہیں - مستقبل قریب میں پھر ایک بڑا کارخانہ قائم ہونے کی توقع ہے -

۱	اثیر سوپ فیکٹری	حسینی علم حیدرآباد	ایک ہزار	۲۰	نفیس صابن کے طرز پر صابن تیار کیا جاتا ہے
۲	نیشنل فیکٹری	سکندرآباد محلہ بھوئی گوڑہ نمبر مکان (۹۰۴۹)	۳۰,۰۰۰	۱۰۷ مرد و زن	صابن کے علاوہ اس کارخانہ میں فنائل اور گریس وغیرہ بھی تیار ہوتا ہے -

(۱۰) - شیشہ سازی

حیدرآباد میں شیشہ سازی کے کثرت سے مواقع ہیں لیکن اس کے لئے دو کمپنیاں یہاں موجود ہیں۔ ایک کمپنی کوہ نور گلاس فیکٹری دو لاکھہ روپیہ کے سرمایہ سے کام کررہی ہے۔ اور دوسری فیکٹری تاج گلاس فیکٹری ہے جو پچیس لاکھہ روپیہ سے کام کرنے والی ہے -

۱	کوہ نور گلاس فیکٹری	فتح نگر حیدر آباد	۲ لاکھہ روپیہ مشترکہ کمپنی	۳۰۰	پینے کے گلاس - قندیل کے حباب وغیرہ
۲	محمد عبدالرحمن	حیدرگوڑہ حیدر آباد	ذاتی سرمایہ	ذاتی کام	چینی اور شیشہ کے برتنوں کو جوڑا جاتا ہے

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یاکار خانہ	تفصیلی پتہ	سر مایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۳	تاج گلاس فیکٹری	تجمل حسین صاحب مینجنگ ایجنٹ مصطفے بازار	۲۵ لاکھہ روپیہ سرمایہ	۱۵۰۰	شیشہ کی چادریں بنا نے کی تجویز ہے

(۱۱) - چوڑی سازی

حیدرآباد کی چوڑی کی صنعت بیرون ملک میں کافی شہرت رکھتی ہے اس کی کافی تعداد میں برآمد کی جاتی ہے - کا جگا ریٹھہ میں اس کا کام ہوتا ہے -

۱	محمد عبدالکریم تاجرچوڑی	عقب مسجد بازار سدی عنبر	تقریباً ۵ ہزار	۱۲ مرد ۵عورتیں	چوڑی کے جوڑوں پر نگینے جوڑے جاتے ہیں اور ان میں مختلف جدتیں کی جاتی ہیں۔
۲	حاجی شیخ بالے	لاڑ بازار	۵ ہزار	۱۶ مرد ۸عورتیں ۴ لڑکے	حاجی شیخ بالے کی دوکان میں ایسی چوڑیاں بھی تیار کی جاتی ہیں جن میں بجلی کے بٹن لگا نے پر روشنی کی جاتی ہے. یہ مال پونہ اور بمبئی وغیرہ سے برآمد کیا جاتا ہے

(۱۲) - کاغذ سازی

۱	سید اسمعیل سول ایجنٹ	مستعد پورہ	۲۵,۰۰۰	۱۵۳ مرد ۶۹ عورتیں	اس کارخانہ میں سفید کاغذ- رنگین جاذب - لفافے سادے تیار ہوتے ہیں۔

۲	حافظ محمد عثمان صاحب				
۳	انجمن ترقی دستکاری اورنگ آباد	اورنگ آباد راجه کا بازار			اس انجمن میں اورنگ آباد اور خلدآباد کے کاغذ سازوں سے کاغذ خرید کر کے فروخت کیا جاتا هے -
۴	محمد شهاب الدین	کاغذی پوره تعلقه خلدآباد ضلع اورنگ آباد	دو سو روپیه	۸ مرد ۸ عورتیں	یہاں همه اقسام کا دیسی کاغذ تیار کیا جاتا هے -

(۱۳) - ادویات

۱	مسرس عبدالرزاق کمپنی	پتھرگٹی حیدرآباد شاخ مصطفے بازار			ابھی حال میں ایک مشترکه سرمایه دار کمپنی کی تشکیل عمل میں آئی هے اور بڑے پیمانه کبیر ادویه سازی کی جانے والی هے -
۲	نظام آیورویدک				یہاں مختلف قسم کے ٹنکچر انفن ٹون وغیره تیار هوتے هیں -
۳	نیشنل انڈسٹریز	لنگم پلی			
۴	دکن کیمیکل ورکس نرسنگ پرشاد صاحب	محله حیدرگوڑه	۲ هزار	۱۲ مرد ۸ عورتیں ۲ لڑکے	بچوں کی ادویات
۵	کارخانه پیام حیات				
۶	کارخانه موتی منجن	کمال برادرس - سیف آباد	....	۱۰	خوش رنگ اور خوش ذائقه منجن جو پایوریا کےلئے اکسیر هے - اس کی پیکنگ بالکل انگریزی طریقه پر هوتی هے-
۷	محمد عبدالقادر شریف	ترپ بازار	۱۰۰	۲ مرد	منجن شفیع

شعبه جات نمائش کی نوعیت واری فهرست

نشان سلسله	نام اسٹال یا کارخانه	تفصیلی پته	سرمایه مشغوله	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی هیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
		(۱۴) - بسکٹ اور میٹها وغیره			
۱	روز بسکٹ ورکس	قریب حسینی ساگر کاکٹه	۲ لاکھه روپیه	۱۰۰ مرد ۲۵ بچے	اعلی اور خوش ذائقه
۲	ممتاز جام فیکٹری				
۳	مجیدی کنفکشنرز				
۴	عزیز کمپنی	عابد روڈ			
۵	ایل - سی انند	روبروے باغ عامه	۵۰۰ روپیه	بذات خود	لذیذ اشیاء شیرنی وغیره
۶	محمد عبدالقادر قادریه گودام	مدی عنبر بازار	۲۵ هزار	۱۰ مرد	کرانه و غله وغیره
		(۱۵) - طباعت			
۱	دارالطبع سرکار عالی	چنچل گوڑه حیدرآباد دکن			سرکاری محکمه هے اور همه اقسام کی طباعت عمل میں آتی هے -
۲	اعظم اسٹیم پریس	مغل پوره حیدرآباد			خانگی مطابع میں سب سے بڑا مطبع هے جهاں همه اقسام کی طباعت عمل میں آتی هے اور بالخصوص رنگوائی کا کام بهت بهتر هو تا هے -

۳	مکتبہ ابراهیمیه	کٹل منڈی			تمام طبع شده اور غیرطبع شده اجزاء اور همه اقسام کے فارم آرڈرز فارم وغیره
۴	بالکشن لاهوٹی مالك مارواڑی پریس	افضل گنج			,, ,,

(۱۶) - جلد سازی

۱	محبوبیه کارخانه جلد سازی	نظام شاهی روڈ	۱۰ هزار	۵۰	خانگی کارخانوں میں یه حیدرآباد کا سب سے بڑا کارخانه هے - اور یہاں همه اقسام کی جلد سازی کا کام هوتا هے -
۲	حمیدیه کارخانه جلد سازی	معظم جاهی مارکٹ			

(۱۷) - بید بافی

۱	سرونگر و کٹوریه موریل آرفنیج	سرو نگر			
۲	عثمانیه کین فرنیچر کمپنی				
۳	محمد مدار اینڈ سنس				
۴	انجمن خادم المسلمین	کاچی گوڑه			
۵	یتیم خانه انیس الغرباء	نام پلی			

(۱۸) - ٹوپیاں

۱	دکن سن هیٹ کمپنی	سید عظمت الله صاحب ترپ بلزار			

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	٦
		(۱۹) - انگریزی			
۱	یم - یس عبد الغفور	چمن گولی گوڑہ حال نظام شاہی روڈ حیدر آباد	اندازاً ایک ہزار	۲۰ مرد ۱۲ عورتیں	چھپائی ساڑیاں - پختہ رنگ پلنگ پوش - ٹائبل کور - جازم - پردہ - دسترخوان - غلاف تکیہ - شال وغیرہ -
		(۲۰) - ہاتھی کے دانت کا کام			
۱	دکن ریوری آرٹ ورکس	امجدعلی اینڈ سنس جیمس اسٹریٹ سکندرآباد	ایک ہزار	۴ مرد	ہاتھی کے دانت - جانوروں کے سینگ صندل کی لکڑی - ٹارٹوج الونی لکڑی وغیرہ -
۲	محمد مدار اینڈ سنس	مشیرآباد روڈ حیدرآباد	۲۰۰	۴ مرد ایک لڑکا	” ”
۳	مسرس بی - وی لنگم اینڈ سنس	رجمنٹ بازار سکندرآباد	۱۵ هزار	۴ مرد - کچھہ کام مکان میں بھی کیاجاتاہے	” ”
۴	ظہیر اینڈ کمپنی				” ”

(۲۱) - برش

۱	جاتکي داؤ جے - آر اینڈ سنس ورکس آلیر	تعلقه بھونگیر ضلع نلگنڈہ	۱۰ هزار	۶۰ مرد ۱۵ عورتیں	اس کارخانه میں برش تیار کئے جاتے هیں جو ساسٹری و دیگر ضروریات کیلئے کام آسکتے هیں تقریباً (۲۰۰) قسم کے برش تیار هوتے هیں -

(۲۲) صادر اور کھلونے وغیرہ

۱	محمدخاں رسالدار	عقب مسجد سنگ محله چنچل گوڑہ	مختصر سرمایه سے کام کیا گیا		صادر لکڑی کے کھلونے - قلم - رول وغیرہ
۲	محمودخاں	محله چنچل گوڑہ سڑک نئی	مختصر سرمایه سے کام کیا گیا	۳	هرقسم کے کھلونے بنائے جاتے هیں
۳	ال - سی انند	روبروئے باغ عامه	ایک هزار	بذات خود	دهات کے هرقسم کے کھلونے
۴	شیخ اسمعیل ولد شیخ ننھے	محله لنگرحوض	قلیل سرمایه	,,	چھالیه کے همه اقسام کے کھلونے
۵	دکن پن هولڈر فیکٹری	سید روشن صاحب افضل گنج	۵۰۰	۸ مرد	صادر - قلم - هولڈر وغیرہ کھلونے
۶	محمد پیر خاں	چنچل گوڑہ نئی سڑک	۵۰		
۷	یم - یم انصاری	نوازخاں بازار حیدرآباد دکن	۵۰۰	۴ لڑکے	قلم پر نام لکھوائی و نقاشی وغیرہ
۸	نرمل ورکس				
۹	میٹل ٹائے				
۱۰	سودیشی فائن ورکس				

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

(۲۳) - تعمیری اشیاء و روغنی برتن

(سرامک انڈسٹریز کا سب سے اہم مرکز تاج کلے ورکس محدود ہے جہاں جدید اصولوں پر اور بر پیمانہ کبیر اشیاء تیار کیجاتی ہیں - ۹۹ فیصدی ملکی اشیاء -

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	تاج کلے ورکس	منیجنگ ایجنٹس مولوی تجمل حسین صاحب	۵ لاکھہ	۳۰۰ آدمی	تاج اینٹ اور دیگر تعمیری اشیاء و نیز روغنی برتن -

(۲۴) - ہیرآئیل

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	گلبہار ہیرآئیل کمپنی	سید معصوم علی صاحب افضل گنج	۵ ہزار	۲ مرد ۲ عورتیں	بالوں کا تیل - سینٹ - اسنو - کریم - عطر وسلن -
۲	مہرعلی محبوبیہ ہیرآئیل	گولی گوڑہ			،، ،،
۳	زلیخا ہیرآئیل	محمد شفیع افضل گنج			،، ،،
۴	بھگوان کمپنی	گوئندجی صاحب			
۵	دکن ہیرآئیل				
۶	مور پرفیومری ورکس	یم ٹھاکر داس صاحب			

(۲۵) - عطریات و لوبان

۱	محمدحضرت محمدحسین عطار	گلبرگہ شریف	۲ ہزار	۲ مرد ۲ عورتیں	مصالحہ - اگربتی - عطریات - دیگر خوشبو
۲	حاجی محمد یوسف (موجد یوسفی مصالحہ)	,,	۵ ہزار	۱۵ مرد ۲۵ عورتیں	,, ,,

(۲۶) - آہنی فرنیچر و آہنی اشیاء

۱	حیدرآباد آئرن اینڈ اسٹیل کمپنی محدود	مشیرآباد حیدرآباد	۲۰ لاکھہ	۶۰۰	زرعی مشنری - اور دیگر فولادی اشیاء اوزان وپیمانہ جات وغیرہ -
۲	حاجی اسمعیل	بوستان حرفت گول بنگلہ افضل گنج	۲,۰۰۰	۶ مرد	ہر قسم کی ڈھلوائی - ونکل پلیٹنگ کا کام کیا جاتا ہے -
۳	غلام محمد صدیقی	صدیق موٹر اینڈ انجینیر ورکس شاہ راہ عثمانی		۱۵ مرد	درستی موٹر - ریڈیو - الکٹرک ہر قسم کی مشنری - درستی وغیرہ -
۴	انڈین آئرن اینڈ اسٹیل کارپوریشن	سکندرآباد		۷۵ آدمی	آہنی تجوریاں - الماریاں - پلنگ جھولے وغیرہ -
۵	دی الماجی اینڈ سنس	سکندرآباد	۳۵ ہزار	۷۵ آدمی	,, ,,
۶	چمن لعل سی موڑی سنگ				دیگچہ - لوٹے - بھگونے - پاندان وغیرہ
۷	موہن لعل کنیا لعل	موسومہ دوکان مرلیدھر چنی لعل مارواڑی مولڈنگ فیکٹری کسارھٹہ بازار			
۸	دکن میٹل ورکس	منشی رام صاحب سکندرآباد			,, ,,

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	٦
۹	محمد عباس ولد محمد جلال	ترپ بازار حیدر آباد	۲۰۰ روپیہ	۱۲ آدمی	صراحی دان - کتابوں کے اسٹانڈ بڑے اسٹانڈ -
۱۰	مرزا علی بیگ	ساکن کاروان ساہوان محلہ پنی پورہ		بذات خود	,, ,,
		(۲۷) - گپتی سازی			
۱	شیخ احمد جان محمد	محلہ ڈھونڈہ پورہ ضلع بیڑ	تقریباً تین ہزار	۱۱	تفصیلی اشیاء تیار کی جاتی ہیں فولاد - لکڑی وغیرہ
		(۲۸) - زیورات			
۱	جی تارا چند جوہری	مصطفے بازار حیدر آباد	۵۰ ہزار		چاندی سونے کے ہمہ اقسام کے زیورات
۲	یس - جے موتی لعل جوہری میناکار	اردو شریف	۱۰ ہزار	۱۵ تا ۱٦	آیرنگس - نکلیس - انگوٹھیاں وغیرہ
۳	محمود حسین مشتاق حسین جوہری	گلزار حوض	۵۰ ہزار	۱۰	چاندی کے پاندان - اگردان - عطردان - گلاس - ڈبیاں - چاء کے سٹ - کشتیاں وغیرہ اور نقروی و طلائی زیورات

۴	شیخ حسین صاحب	اندرون دودھ باؤلی عقب صدر امین کچہری			چاندی کے پاندان - اگر دان - عطر دان گلاس - ڈبیاں چائے کے سٹ - کشتیاں اور نقروی وطلائی زیورات وغیرہ
۵	یس - یس حسین صاحب	مصطفے بازار	۱۰ ہزار	۱۰	,, ,,

(۲۹) - بیدری صنعت

۱	کار خانہ تاج دکن	بیدر	۱۵۰	۲۰ مرد	بیدری ظروف - سگریٹ کیس - گلدان - ٹیبل لیمپ - راکھ دان گنڈیاں وبٹن وغیرہ -
۲	کار خانہ گلزار دکن	بیدر	۱۵۰	۲۰ مرد	,, ,,

(۳۰) - بٹن

حیدرآباد میں بٹن سازی کا آغاز سنہ ۱۳۱۶ف سے ہوا اور اب اس کے تقریباً دس کارخانے قائم ہوگئے ہیں - ملکی ضروریات کی تکمیل کے بعد ان کی کثیر تعداد ہندوستان اور دیگر ممالک کےلئے برآمد کی جاتی ہے - حالیہ جنگ میں ان میں سے اکثر کارخانوں میں جنگی ضروریات کی تکمیل کےلئے آرڈرز ملے ہیں - نمائش میں بھی ان کا سامان بہت فروخت ہوتا ہے -

۱	محمد غوث الدین مالک دکن بٹن فیکٹری	حسینی علم	تقریباً ایک لاکھ	۱۳۰ مرد وزن	بٹن رولڈگولڈ - کیارٹ گولڈ - ایروناٹیڈ وغیرہ - اس سال ملمع سازی کا کام نئی مشین سے آغاز کیاگیا -
۲	بنکٹ لعل سویا مالک پرکاش بٹن فیکٹری	سلیما نجاہ چاؤڑی حیدر آباد	۲۵ ہزار	۲۲۵ مرد	شیروانی بٹن - کف - گلا بٹن اینڈلیس سالی وغیرہ -
۳	جی - آر دیوچند مالک پریم بٹن فیکٹری	کبوترخانہ قدیم چندریکاپور	۵ ہزار	۲۰ مرد	شیروانی (گنڈیاں) قمیص کے کف اور گلے کی گنڈیاں - مختلف نمونہ جات - نکل کی چوڑیاں تیار کی جاتی ہیں -

شعبہ جات نمائش کی نوعیت واری فہرست

نشان سلسلہ	نام اسٹال یا کارخانہ	تفصیلی پتہ	سرمایہ مشغولہ	تعداد مزدوران	تفصیل اشیاء جو تیار کی جاتی ہیں اور کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۴	سید تصدق حسین مالک کار خانہ گلزار حوض۔	بیدر شریف	۱۵ سو روپیہ	۲۵	بیدری بٹن شیروانی و قمیص اور مختلف اقسام کے اشیاء تیار کئے جاتے ہیں۔
۵	سکہ دیو پرشاد بھارت بٹن فیکٹری	شاہ گنج حیدر آباد دکن	تقریباً ۵۰ ہزار	۴۰ مرد ۲۱۰ بچے	شیروانی کے بٹن ۔ کف گلا بٹن
	(۳۱) - توشک و تکیہ				
۱	شیخ علی	چمن گولی گوڑہ	۵۰۰	دو مرد	توشک ۔ تکیہ ۔ رضائی وغیرہ
۲	تکارام ولد لچھمن	سکندر آباد جیمس اسٹریٹ	۷۰۰	۳ مرد ایک عورت	,, ,,
	(۳۲) - دستکاری				
۱	محمد علی	محبوب کی مہندی متصل بنڈی خانہ سرکار عالی	۱۱۱۶,۱۷	۲۰ مرد ۱۵ عورتیں	پیتا بے ۔ ہوز ٹاپ ۔ موٹ لیس اسٹاکنگ وغیرہ
۲	حسین برادرس	لاڑ بازار	۹۰۰ روپیہ	۱۵	ساڑی ۔ بلوز ۔ فراک ۔ جمپر رومال وغیرہ
۳	اول تعلقدار سمستان	گدوال			قیمتی ساڑیاں ۔ چادر ۔ رومال کمبل وغیرہ

۴	تلجا بائی	سنگاریڈی	ایک ہزار	۵ مرد ۵ عورتیں ۱۰ بچے	ریشمی کام
۵	اسٹیٹ عالی رانی گجرا بائی صاحبہ	معتمد اسٹیٹ راجہ راؤ رنبھا محلہ دار الشفاء	تقریباً ۵ ہزار	۲-۳ آدمی	ساڑیاں ہمہ اقسام - سوتی ریشمی وغیرہ - توال - سوتی - کھادی لنگیاں -
۶	یم با لیا ولد لنگیا	لال گڑھی عالیجناب نواب بہادر یارجنگ بہادر .	۲۰۰۰	۸ مرد ۷ عورتیں	کوٹنگ - شرٹنگ ساڑیاں وغیرہ
۷	بیت سومیا	جاگیر مٹ پلی ضلع کریم نگر (جاگیر نواب غازی جنگ بہادر)	۵ ہزار	۵۰ مرد ۲۰۰ عورتیں	کوٹنگ - شرٹنگ کھادی ساڑیاں وغیرہ
۸	رام شی وینکٹ سوامی	عابدروڈ رو برو رگھو ناتھ مل بنکر	۱۰ ہزار	۲۰۰ مرد ۷۰۰ عورتیں	,, ,, ,, ,,

(۳۳) - کار چوبی

